# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Wednesday, October 27, 2004*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Mr .Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شھر رمضان الذیٓ انزل فیه القران ھدی للناس وبینٰت من الھدٰی
والفرقان فمن شھد منکم الشھر فلیصمه۔ ومن کان مریضاً اوعلیٰ
سفر فعدۃٌ من ایام اُخر۔ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر
ولتکملوا العدۃ ولتکبّروا اللہ علیٰ ماھدٰ کم ولعلکم تشکرون۔

ترجمہ: (روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن (اوّل اوّل) نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو تو چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرے اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا۔ اور (یہ آسانی کا حکم) اس لئے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کی بزرگی بیان کرو اور اس کا شکر کرو۔

(سورہ البقرۃ آیت، ۱۸۵)

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب والا! Point of Order.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب والا! Point of Order.

جناب چیئرمین: ایک منٹ آپ تشریف رکھیں۔ پہلے بلور صاحب کو سن لیتے ہیں کیونکہ وہ پہلے اٹھے ہیں۔

## FATEHA

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، مفتی جمیل صاحب جو کراچی میں شہید ہوئے ہیں اور کل پندرہ لوگ جو بے گناہ تھے، انہیں وزیرستان میں مارا گیا ہے، ان سب کے لئے یہ ہاؤس دعائے مغفرت کرے۔

جناب چیئرمین: بلیدی صاحب! دعا کرائیں۔

(اس موقع پر مذکورہ وفات پانے والے افراد کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب والا! Point of Order.

جناب چیئرمین: اگر آپ اپنا Point of Order, Question Hour کے بعد کر لیں تو بہتر رہے گا۔

شیخ رشید احمد (وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات). آج میرا ایک ہی سوال نمبر 10 ہے اور اگر ہاؤس اجازت دے تو اسے پہلے لے لیا جائے۔

## PANEL OF PRESIDING OFFICERS

جناب چیئرمین، جب Question Hour شروع ہوگا تو اس وقت میں ہاؤس سے اجازت لے کر آپ کو بتا دوں گا۔ اگر کوئی objection نہیں ہے تو اسے پہلے کر لیں گے۔

سبحان ربک رب العزت عما یصفون ولسلام علیٰ المرسلین والحمد لله رب العالمین۔

سب کو رمضان کریم مبارک ہو۔

پہلے Panel of Presiding Officers announce کر دوں۔

In pursuanse of Rule 14(1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of Presiding Officers for the 17th Session of the Senate of Pakistan.

1. Mr. S.M. Zafar.
2. Prof. Muhammad Saeed Siddiqui.
3. Mr. Rehmat Ullah Kakar Advocate.

## QUESTIONS AND ANSWERS

Now, we may take up questions. If it is O.K., we may take Question No.10 of Information Minister first.

10. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 24-09-04 at 1.05 p.m.)

*Will the Minister for Informatioin and Boradcasting be pleased to state:*

*(a) the number of persons appointed in Broadcasting Corporation since 2002 with province-wise break-up; and*

*(b) the procedure adopted for the said appointments?*

**Sheikh Rashid Ahmad:** (a) 135 persons have been appointed on contract/ regular basis. Province-wise break-up of the persons appointed is:

| | |
|---|---|
| Punjab | 68 |
| NWFP | 16 |
| Sindh (R) | 10 |
| Sindh (U) | 19 |
| Balochistan | 12 |
| NATA/FATA | 04 |
| AJK | 06 |

(b) Appointments have been made strictly as per rules, through an open competition.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میں نے وزیر موصوف سے پوچھا تھا کہ Broadcasting Corporation میں کتنے لوگ بھرتی کئے گئے اور ان کی صوبہ وارتفصیل بتائی جائے۔ اس کے جواب میں انہوں نے صرف figures دیئے ہیں اور ان کے نام وغیرہ کی تفصیل نہیں بتائی ہے۔ صوبہ سرحد سے 15، سندھ rural سے 10 ہیں اور سندھ urban سے 19 ہیں۔ بلوچستان سے 12 ہیں۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ قواعد و ضوابط کے مطابق بھرتی نہیں ہوئے ہیں۔ میری جو معلومات ہیں، ان کے مطابق یہ قواعد و ضوابط کے تحت نہیں ہوئیں۔ وہ جو کمیٹی بنائی گئی ہے ان کو کہا گیا ہے جو ان کی requirements ہیں ان کو پورا کریں اور جو

لوگ اپنی مرضی سے رکھنا چاہتے تھے ان کو رکھا گیا ہے اور اس طریقے سے جو حقدار تھے ان کی حق تلفی ہوئی ہے ۔ میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنی requirement پورا کرنے کے لیے میرٹ کی جو بات کرتے ہیں ۔ اس system کو کب تک ٹھیک کریں گے اور یہ مجھے کس طرح مطمئن کریں گے کیونکہ میری معلومات کے مطابق یہ بغیر merit کے جو لگائے گئے ہیں اور open merit نہیں تھا' وہ اپنی مرضی کے تھے۔

جناب چیئرمین، وزیر صاحب کو سن لیں۔

شیخ رشید احمد، جناب چیئرمین! اس کی باقاعدہ major اخباروں میں publicity کی گئی ۔ ایک کمیٹی ہوتی ہے جو اس کا فیصلہ کرتی ہے۔ written test ہوتا ہے' interviews ہوتے ہیں اور اس کے بعد باقاعدہ merit پر لوگ لئے گئے ہیں۔ ان کو میں کس طرح مطمئن کر سکتا ہوں۔ یہ کہیں تو میں ان کو رزلٹ شیٹ ہی بھیج سکتا ہوں اور تو میرے پاس کوئی طریقہ نہیں ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ سوال یہ تھا ۔ (b) The procedure adopted for the said appointments? وہ procedure بیان نہیں کیا گیا ہے۔ صرف یہ کہہ دیا گیا ہے کہ appointments have been made strictly as per rules. یہ procedure بتایا جائے کہ procedure کیا ہے۔

شیخ رشید احمد، میں نے آپ سے عرض کیا کہ سارے major اخباروں میں اس کی publicity کی گئی اور پبلسٹی کے بعد ان کا ایک interview ہوا ۔ ان کا written test ہوا۔ اس کے بعد پوری ایک سرکاری ٹیم بیٹھتی ہے سلیکشن کرنے کے لیے' سلیکشن کمیٹی نے ان کو select کیا اور اس میں صوبائی کوٹے کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ selection کی گئی۔

جناب چیئرمین، مسٹر ثنا اللہ بلوچ ! ذرا بلیدی صاحب کو موقع دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، وہ papers check کیے جائیں کہ واقعی merit کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا ہے یا کسی کے کہنے پر کیا ہے۔

جناب چیئرمین، وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ merit پر رکھا گیا ہے۔ وہ تو offer کر

رہے ہیں کہ sheets بھیج دیتے ہیں۔

شیخ رشید احمد: اگر کسی پر اعتراض ہے کہ وہ merit پر نہیں ہے تو اس کا بتائیں۔ میں آپ کو اس کی result sheet بھیج دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: مسٹر ثناء اللہ بلوچ۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: Thank you Mr. Chairman.. ہم آپ کے مشکور ہیں۔ جناب بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری Ministry of Information and Broadcasting for Pakistan Ministry of Information and Broadcasting, نہیں کہلائی جاتی بلکہ گزشتہ دو سالوں سے اس Ministry کو Ministry of Information and Broadcasting for Rawalpindi بنا دیا گیا ہے۔ تمام بھرتیاں، تمام عہدے، تمام تبدیلیاں، تمام فنکار، تمام ثقافت جو ہے صرف ایک علاقے، ایک زبان کی دکھائی جا رہی ہے میں محترم اسماعیل بلیدی صاحب سے agree کرتا ہوں کہ پاکستان کے اندر منسٹری آف انفارمیشن کا رول یا براڈ کاسٹنگ کا رول بالکل اسلام آباد اور پنڈی تک محدود ہو گیا ہے۔لہذا اس میں بڑے پیمانے پر دھاندلی ہوئی ہے---

جناب چیئرمین: Question آپ یہاں تک رکھیں۔یہ تو نئی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ: جناب، میں اسی سے متعلق بات کر رہا ہوں۔بلوچستان میں پہلے appointments ہوئیں، اس کے بعد منسٹری میں transfers ہوئیں، postings. ہوئیں، promotions ہوئیں، اس کے بعد پھر یونین کا کوٹہ کس طرح سے ہضم کیا گیا، جناب یہ ایک طویل داستان ہے اس سوال کے ساتھ۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس منسٹری کے حوالے سے ہم جتنا بھی کہیں زیادتی ہوگی لیکن شیخ رشید صاحب تھوڑا سا رحم کریں۔ تھوڑا سا وہ بھی کبھی کبھی لوگوں کو پاکستانیت کا درس دیتے ہیں۔ کبھی وہ اپنی وزارت میں بھی پاکستانیت کی روح پھونکنے کی کوشش تو کریں۔تو میرے خیال میں وہ اس کی وہ تحقیق کریں گے کہ اس طرح ان کی منسٹری میں جو زیادتیاں ہوئی ہیں۔

شیخ رشید احمد: سوال کیا تھا جی۔

جناب چیئرمین، وہ کہہ رہے ہیں کہ وہ خوش نہیں ہیں۔

I think, he has already mentioned that there has been a procedure that has been followed. If there is any specific question

وہ بتا دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، وہ جواب دے چکے ہیں۔آپ پھر شیخ صاحب دہرا دیں۔

شیخ رشید احمد، جناب! انہوں نے کوئی specific سوال کیا ہے! میں نے آپ کے سامنے عرض کیا ہے کہ یہ میرٹ پر ہوئی ہیں۔اگر کوئی میرٹ پر نہیں ہوئیں تو وہ بتائیں۔سب کچھ ان کے سامنے رکھا ہے کہ میرٹ پر ہوئی ہیں۔ Test ہوا ہے۔Contract کی jobs ہیں۔یہ نہیں کہ permanent jobs ہیں اور اس میں جو procedure adopt کیا گیا ہے، اگر ان کو شکایت ہے کہ کوئی خاص بندہ نہیں ہوا یا فیل ہو گیا ہے یا کر دیا گیا ہے تو مجھے بتائیں۔ اگر غلط رکھا گیا ہے تو اس کا بتائیں، وہ result میں ان کو بتا دیتا ہوں۔اس کے بعد اگر کسی سوال کی گنجائش ہے تو کیا جائے۔

Mr. Chairman: We will maintain the order of the questions. First question is in the name of Mrs. Rukhsana Zuberi.

1. ***Mrs. Rukhsana Zuberi:** (Notice received on 24-09-04 at 12.48 p,m.)

*Will the Minister for Defence be pleased to state:*

*(a) the purchase price of boeing 777 recently inducted in PIA fleet;*

*(b) the financial benefits projected from the purchase of said air crafts;*

(c) *the purchase price of new business class seats for the said aircrafts;*

(d) *the financial benefits projected from replacement of those seats;*

(e) *the unit price paid to boeing company; and*

(f) *the price of one boeing 777 after including each/all components bought from other parties?*

**Rao Sikandar Iqbal:** (a) The aggregate purchase price of 3 Boeing 777 aircraft (s), recently inducted in PIA, is US$ 359.2 million which includes all components/items supplied by other parties.

(b) It is expected that the project will result in a profit of Rs. 414.15 billion over its life. The internal rate of return (IRR) for the project will be 14.17 percent.

(c) The purchase price of the aircraft includes the cost of the seats also.

(d) The above seats are factory installed and have not been replaced.

(e) The unit price paid to Boeing for each aircraft is US$ 119.7 million. The payment includes all components/items supplied by other parties to Boeing.

(f) Same reply as at "e" above.

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: یہ 777 کی جو purchase deal ہے اس میں from
the very on set بہت serious concerns ہیں the way everything has taken
up. جناب ۹ جون کو ہم نے سٹینڈنگ کمیٹی برائے ڈیفنس کی میٹنگ بلائی تھی آج تک اس کا
جواب نہیں آیا ہے اور یہاں پر بھی جو جواب دیئے گئے ہیں وہ incomplete جواب ہیں اور
misleading ہیں یہ standing committee میں 120 million for one 777 plane
Boeing یہ ہمیں بتایا گیا تھا۔ ہم نے لکھ کر دیا۔ صرف پی آئی اے میں یہی ایک problem
نہیں ہے بہت زیادہ problem ہو رہے ہیں۔ اخبارات میں خبریں آرہی ہیں کوئی اس پر توجہ نہیں
ہے۔ کہتے ہیں کہ پرویز مشرف کے بھانجے کو کیٹرنگ کا contract مل گیا ہے۔ کوئی جی ایس
اسے یورپ میں بھیجی گئی ہے کسی رشتہ دار کو without following the process of law

جس طرح سے کل سکھر بیراج کی مرمت کا ٹھیکہ دے دیا گیا ہے۔ تو جناب the answers

جس areincomplete, componants were out sourced. it is a very unique deal.

میں صرف جہاز کی shell خریدی گئی تھی۔ جس میں کاک پٹ تھا' انجن تھے اور باقی سیٹیں

لیکن food galleries, toilet, everything was sourced یہاں پر out sourced اس لئے

ہوئی ہیں کہ ہم پیسے بنانا چاہتے ہیں۔ ہم نیشنل money کو اپنے پرائیویٹ اکاؤنٹ میں ٹرانسفر

کر رہے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب سینیٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی ایک serious matter کو

probe کر رہی ہے اور پی آئی اے مستقل avoid کر رہا ہے تو پھر کیوں صدر پاکستان چیئرمین

پی آئی اے کو bail out کر رہے ہیں، کیوں پرائم منسٹر آف پاکستان bail out کر وہے ہیں

کہ جی in public media

they have done a wonderful job. Sir, this is a very serious matter and the Senate should take notice of it.

Mr. Chairman: I think, let's go by the facts, let's here the Minister.

Mr. Zahid Hamid (Minister of State for Defence Production): Thank you, Mr. Chairman. I must very strongly and vehemently deny the wild and baseless allegations, levelled against PIA. So far as the procurement of the boeing 777 are concerned, the price that has been mentioned by the honourable member of 120 million Dollars per plane is exactly what is written in part (e) of the reply. In fact, the figure is a little more exact, it says specifically that the unit price paid to Boeing for each aircraft is US $ 119.7 million and that can be rounded off to 120 million. Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین، جی بابر صاحب۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! میرا سوال یہ ہے کہ کیا پی آئی اے نے یہ جہاز بوئنگ کمپنی سے براہ راست خریدے۔ معاہدہ پی آئی اے اور بوئنگ کے درمیان تھا یا اس کے درمیان کوئی middle company تھی اور پی آئی اے نے middle سے خریدی۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ آپ نے کہا ہے کہ اس پراجیکٹ سے 414 بلین روپے کا منافع ہوگا over the life of the project. اس کا مطلب، یہ ہے کہ اگر ایک جہاز کی normal life 20 years ہو تو 21 billion روپے پاکستان کو سالانہ منافع ملے گا جبکہ ایک جہاز کی قیمت آپ کے دیئے ہوئے figures کے مطابق 21 بلین روپے بنتی ہے گویا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ایک سال کے اندر 21 بلین روپے کا خریدا ہوا جہاز' 21 بلین روپے کا فائدہ دے گا۔ یہ میرے دو سوالات ہیں۔

**Mr. Zahid Hamid**: Sir, the financing for this purchase was arranged by the United States Export Import Bank. Under the terms of the financing, a special purpose vehicle called SPV was required which was the intermediory. The payments made by PIA under this finance lease are made to Taxila equivalent to the amount paid by Taxila, that is the name of the Special purpose vehicle company registered in the Layman Islands. In sofar as the other portion of the question is concerned, the life of this project is not 20 but 15 years, that is the nominal period that has taken for purposes of calculation of this internal rate of return and in sofar as these figures are concerned. the total cost of the aircraft is in the region of one billion and if calculation is correct, I think this works out to 7 billion. so the profit is much more than the total cost of the aircraft.

**Mr. Chairman**: Thank You. Mr Khawaja.

**Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja**: The honourable

Minister, he mentioned, was the Taxila Limited, the major way that was used for the financing purposes at the request or direction of the Asian Bank. Mr. Chairman! it is the major scam and if you want to see the real story and the detailed documents SATRIBUNE.com. has covered the story almost a year ago and I would like to ask one very clear question who were the people in the Taxila Limited No. 1. Is it true that the whole fleet of PIA was pledged against this financing, why? And my third question is also a related one, there was recent sourcing out for the reservation system to a group in UK without going to any competetive bidding process. Why was that? Thank you.

**Mr. Zahid Hamid**: Sir, I have already given the details that were available with me regarding the Special Purpose Vehicles that is Taxila Limited and if any further details are required, as the question was not in fact related to that and it was relating to replacement of seats and so on. So, if any further details are required, I will be most happy to provide them, if further notices.

**Mr. Chairman**: He says, he does not have the details, you can ask the question again because these are... Mr. Kakar.

کاکڑ صاحب کو سن لیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، شکریہ جناب چیئرمین - چیئرمین صاحب!
Boeing 777 خریدے گئے ہیں۔ پہلے تو اگر Minister صاحب اس کی یہ وضاحت فرما دیں کہ
کباڑیوں کی طرح اس کو ٹکڑوں میں خریدنے کے کیا ضرورت تھی؛ کیا Boeing Company
سے complete built up condition میں یہ جہاز نہیں خرید سکتے تھے؛ پھر جو open market

میں یا general public یہ rumour ہے کہ ایک seat کے لئے million of rupees ادا کئے گئے اور پھر اس deal کو complete کرانے میں وہ جو third party تھی یا وہ کون تھے۔ اگر اس پر کوئی روشنی ڈالیں، rumour یہ ہے کہ اس میں گورکھ دھندا ذرا کھل کے چلا ہے، اس کی ذرا وضاحت فرمائی جائے۔

جناب چیئرمین، I think آپ خود ہی کہہ رہے ہیں کہ rumour ہے۔

**Mr. Zahid Hamid**: I may clarify sir that this Special Purpose Vehicle which was the requirement of the United States Export and Import Bank, is a recognized mode of financing as the finance leases in the Aviation Industry. I may also mention that this very mode of financing was utilized for purchase of the Air Buses in the early 1990-

**Senator Engr. Rukhsana Zuberi**: Question is

کہ اس کے دو PIA Limited and Taxila Limited and one was then put off اس کو close کر دیا گیا.

why, what is going on? And in our standing committee meetings Sir, with all responsibility, I am saying that Chairman had no answer to it and he promised to give us reply within seven days; today four months have passed. sir, two weeks are required, that is my question sir.

**Mr. Zahid Hamid**: My information is that all relevant information was provided to the committee and... ....

**Mr. Chairman**: I think, the committee Chairman can take up the matter.

**Mr. Zahid Hamid**: The honourable Member was satisfied and as again I would like to reiterate, should any further information be

required regarding this matter, it was a very very transparent procedure that was adopted would be more than willing to provide any additional information that may be required.

Mr. Chairman: I think, we have read three questions, let us go on. The other questions get left on and the members then complain. So, we had full supplementary on this, we want to go on to next question. Ch. Muhammad Anwar Bhinder, Question No. 2. We have three supplementaries, that's maximum allowed because the other members complain, they get left out. Dr. Riar, there are three supplementaries allowed, there are three supplementaries allowed, please, you can ask the question again. Ch. Muhammad Anwar Bhinder, Question No. 2, answer taken as read. Any supplementary?

2. ***Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder:** (Notice received on 24-09-04 at 12.50 p.m.)

*Will the Minister for Interior be pleased to state:*

*(a) the membership of the Ministry of Interior employees Cooperative Housing Siciety so far;*

*(b) the funds collected by the said society and details of its expenditure so far;*

*(c) the development work done by the society so far; and*

*(d) the time by which the society will give the possession of the plots to the allottees?*

**Mr. Aftab Ahmad Khan Sherpao:** (a) Three thousand eight hundred and thirty only (3830) (Upto 15th October, 2004).

(b) (I) An amount of Rs. 495 million have so far been collected by the Society. The details of these funds are as under:—

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Cost of land | Rs. 327 million |
| (ii) | Development charges | Rs. 163 million |
| (iii) | Membership fee + transfer fee | Rs. 5 million |

(II) The details of expenditure so far made are as under:—

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Purchase of land | Rs. 366 million |
| (ii) | Revenue Fee | Rs. 6 million |
| (iii) | Survey+Town Planning+dev. work | Rs. 42 million |
| (iv) | CDA Fee | Rs. 3 million |
| (v) | Misc. Exp. | Rs. 4 million |
| | Total: | Rs. 421 million |

(c) Earth work, land levelling and compaction of roads is in progress.

(d) Approximately within next 2 to 3 years.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Yes sir,

جناب والا! میں نے اس میں یہ دریافت کیا تھا funds collected by the Ministry of Interior Employees Cooperative Housing کے متعلق تھا اور اس میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ Society کب register ہوئی تھی اور آج تک جو development دی گئی ہے، اس میں کتنے سال گزر چکے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ development charges انہوں نے ایک سو تریسٹھ ملین لوگوں سے collect کئے۔ میں حقیقت میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ development پر کتنا خرچ ہوا ہے۔ انہوں نے تینوں چیزیں اکٹھی کر دی ہیں survey, town planning and development work اور بیالیس ملین اعداد و شمار دے دیئے۔ حقیقت میں یہ فرمائیں as against 163 million how much they have spent on the development work and when the development work shall be completed

انہوں نے کہا ہے کہ تین سال لگیں گے

will that be a proper time and will that be a time for execution of the development work for a society which has already been registered here.

جناب چیئرمین، ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (وزیر مملکت برائے امور داخلہ)، جناب چیئرمین! یہ

سوسائٹی 84ء میں رجسٹرڈ ہوئی تھی اور یہ درست فرماتے ہیں کہ اس میں کافی problems ہوئے ہیں جو ان کی سوسائٹی بنی تھی اس کے خلاف کافی شکایات تھیں ۔ زمین کے ریٹ کے متعلق اور زمین scattered خریدی گئی تھی ۔ جس کی وجہ سے 1999ء میں ایک ایڈمنسٹریٹر شکایات کی روشنی میں مقرر کیا گیا تھا ۔ جس نے تقریباً ایک کروڑ 56 لاکھ روپے کے قریب رقم recover بھی کی تھی ۔ اس کے بعد اس سوسائٹی کے دوبارہ الیکشن کراکر ان کی management committee قائم کی گئی تھی ۔ انہوں نے کچھ progress دکھائی تھی 125 کنال مزید انہوں نے قبضہ کیا تھا اور ترقیاتی کام بھی شروع کیا تھا ۔ لیکن دوبارہ وہ چیزیں surface میں آئیں ۔ جس پر وزارت داخلہ نے باقاعدہ انکوائری شروع کی اور ابھی since 2003 ایک ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کیا گیا ہے جو کام کر رہا ہے۔ جناب! اس کو دیکھا جا رہا ہے اور حقیقت میں جو تاخیر ہوئی ہے یہ جو پہلے ان کی managing committee تھی اس کی وجہ سے ہوئی ہے۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب چیئرمین ! میں نے ترقیاتی کام کے بارے میں پوچھا ہے کہ بیس سال ہو گئے ہیں ایک سوسائٹی کو رجسٹرڈ ہوئے ' اور اس کے بعد آپ نے development work جو ہے as against 163 million کتنا development work کیا ہے ؟ یہ فرمائیں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب میں وہی عرض کر رہا ہوں کہ ان تمام وجوہات کی وجہ سے ترقیاتی کام اس phase پر نہیں ہو سکا ہے اور اسی وجہ سے اتنی تاخیر ہوئی ہے ۔ اور ابھی ایڈمنسٹریٹر appoint کرنے کا مقصد ہی یہی ہے کہ اس کو expedite کیا جائے ۔ تو جو embazzlement ہوئی ہے یا جو لوگ اس میں ملوث تھے اس کی تفتیش ہو رہی ہے ۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، بیس سال میں ایسا کیوں ہوا ہے ؟

جناب چیئرمین، تفتیش تو ابھی شروع ہوئی ہے ۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب غریب ملازمین کے پیسے سوسائٹی کے ہیں ۔ پہلے انہوں نے وزارت داخلہ کے ملازمین کی سوسائٹی بنوائی ۔ اس کے بعد بیس سال گزرنے کے بعد آج ایڈمنسٹریٹر مقرر ہوگیا ہے ۔ ابھی وہاں صرف مٹی پڑی ہوئی ہے اور سڑکوں کی نشاندہی

ہوئی ہے ۔ جناب اس کو expedite کروائیے ۔ اس کی کوئی assurance دیجئے یہ دو تین سال کا عرصہ تو اور زیادہ ہے یا ویسے ہی کہہ دیں کہ کبھی بن جائے گی۔

جناب چیئرمین: وسیم شہزاد۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب میں نے پہلے ہی عرض کی ہے کہ ان کی complaints جائز ہیں اور ان کی وجوہات بھی بیان کی ہیں اور یہ جو ابھی ایڈمنسٹریٹر مقرر ہوا ہے یہ 2003ء کو مقرر ہوا ہے ۔ and we are looking into this matter اور ہمیں خود اس چیز کا احساس ہے کہ لوگوں کے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے اور نہیں ہونی چاہیے ۔ اس کی جو break up ہے وہ میں آپ کو مہیا کر دوں گا اور بہت جلد اس کی progress دیں گے ۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب اس میں ذاتی دلچسپی لے کر ان کو expedite کرائیں گے ۔

جناب چیئرمین: بھنڈر صاحب، منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کر تفصیلات دیکھیں ۔ جی ہدایت صاحب ۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: جناب چیئرمین! وزیر صاحب مجھے یہ بتائیں کہ یہ سوسائٹیاں کس قانون قاعدے کے تحت رجسٹرڈ کی گئی ہیں اور اس کا طریقہ کیا ہے؟ دوسرا جناب اسلام آباد میں بہت ساری ایسی سوسائٹیاں ہیں جو جعلی ہیں لوگوں سے پیسے جمع کر رہی ہیں ان کے تدارک کے لئے کیا کیا جا رہا ہے؟

جناب چیئرمین: شاہ صاحب آپ ایک نئی بات کہہ رہے ہیں بہرحال اگر وزیر صاحب جواب دینا چاہیں تو فرمائیں ۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب چیئرمین! آپ کے علم میں ہے کہ اسلام آباد میں ایسے ہی کاموں کے تدارک کے لئے ڈی سی اسلام آباد نے 144 لگایا تھا ۔ ان کا مقصد ہی یہی تھا کہ ان کو دوبارہ regularize کیا جائے ۔ مختلف مجالس قائمہ میں بھی یہ issues discuss ہو رہے ہیں اور ہم اس کو بڑا seriously لے رہے ہیں تاکہ لوگوں کو کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہ ہو ۔

جناب چیئرمین، پروفیسر خورشید صاحب ۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، کیا وزیر محترم یہ بتائیں گے کہ cost of land 327 تھی purchase of land جو ہے وہ اس سے تقریباً چالیس ملین زیادہ ہے اس کی وجوہات کیا ہیں ؟

جناب چیئرمین، شہزاد وسیم ۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ،جناب اس بارے میں ' ابھی میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ پہلی managing committee تھی انہوں نے اس میں کافی problems کئے ہیں ۔ کچھ زیادہ ریٹ پر بھی لی گئی scattered جگہ بھی لی گئی ۔ اس کے بعد جب اس کو consolidate کرنے کے لئے ضرورت پیش آئی تو extra پیسہ ادا کرنا پڑا ۔ یہ مسائل پیش آئے ہیں۔

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری ، جناب والا! میں بھنڈر صاحب کی بات کو ہی آگے بڑھاؤں گا کہ بھنڈر صاحب کا مقصد یہ تھا کہ time کافی گزر چکا ہے تو اس کا کوئی time period دے دیں۔ آپ ان کو اس بارے میں relief دینے کی کوشش میں ہیں۔ آپ انہیں کہیں کہ آج time دیں کہ یہ کب تک complete ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین، وزیر صاحب، کیا آپ انہیں time دے سکتے ہیں؟

ڈاکٹر شہزاد وسیم ، Approximate time تو دیا ہے لیکن اس کے باوجود میں نے یہ assurance بھی دی ہے کہ اس کو personally دیکھ کر کوشش کریں گے کہ اس سے بھی اگر جلدی ہو سکے تو اس کو کیا جائے۔

جناب چیئرمین، .Next question جناب طاہر اقبال صاحب۔

***Mr. Tahir Iqbal:** (Notice received on 24-09-04 at 12.52 p.m.)

*Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state whether it is a fact that fee is charged, after regular office hours and on holidays by the Government Hospitals in FATA, if so the reasons thereof?*

**Sardar Yar Muhammad Rind:** Yes, it is a fact that Fee is being charged in the Government Hospitals of FATA after regular office hours and on closed holidays due to "Institution Based Practice Policy" of Health Department, Government of NWFP notified *vide* Government of NWFP, Health Department Notification No. 6-117/SPO/PC/H/Vol-I, dated 12-2-2002.

**سینیٹر انجینئیر طاہر اقبال**، جناب والا! یہ پوچھا گیا تھا کہ آیا regular office hours کے بعد fee charge کی جاتی ہے تو جواب آیا کہ بالکل charge کی جاتی ہے۔ ہمیں یہ بتایا جائے کہ صوبے کے باقی hospitals میں تو یہ practice نہیں ہوتی اور ہمیں کب تک regular office hours میں ہی بیمار ہونا پڑے گا۔

**سردار یار محمد رند (وفاقی وزیر برائے سرحدی علاقہ جات)**: بات یہ ہے کہ working hours کے اندر تو ان کو حکومت کی جو facility ہے وہ provide کرتے ہیں اس کے علاوہ جو weekends ہوتے ہیں یا working hours کے بعد ڈاکٹرز private practice کرتے ہیں تو ہم نے ان کو پابند کیا ہے کہ وہ hospitals کے اندر بیٹھیں اور ایک limited fee لے کر ۔۔ اور میرے خیال میں CMH کے اندر بھی ایسا ہوتا ہے اور وہاں صوبہ سرحد کی حکومت نے بھی rules بنائے ہوئے ہیں کہ ڈاکٹر private practice working hours کے بعد کر سکتے ہیں۔ ہم نے ان کو ہی follow کیا ہے۔ میرے خیال میں یہ ان کے لیے زیادہ بہتر ہو گا۔

**جناب چیئرمین**: ڈاکٹر محمد سعد صاحب۔

**Senator Dr. Muhammad Said:** The fee is being charged in the FATA hospitals on the basis and perhaps on the excuse of the Institution Based Practice Policy of the Health Department of Government of NWFP. The fact of the matter sir is that the Institution Based Practice Policy has been completely abandoned by the Government of NWFP and I cannot see any reason that people from the FATA should be punished

for it. Thank you.

سردار یار محمد رند ، جناب سرحد میں ان کی اپنی حکومت ہے ۔ یہ اس پالیسی کو follow نہ کریں۔

**Senator Asfandyar Wali**: Sir, let me make it very clear. FATA stands for Federally Administered Tribal Areas. No. 2. In the answer it has been said that yes, it is a fact that fee is being charged in the Government Hospitals of FATA after regular office hours due to "Institution Based Practice Policy" of Health Department, Government of NWFP. Now, first of all, the Government of the NWFP has no jurisdiction whatsoever in FATA and No. 2, I want to bring it to the information of the honourable Minister that yes, IBPP was a policy that was forwarded by a Governor, but it has been disbanded in the province.

اب صوبے میں اسے ختم کیا گیا ہے۔ جہاں پر اس کا اطلاق ہو نہیں سکتا جب تک مرکزی حکومت نہ کرے وہاں پر اس کا اطلاق ہو رہا ہے ' انصاف آپ کریں۔ صوبے میں وہ ختم ہوگیا ہے تو یہ اس بنیاد پر فاٹا پر کیوں نافذ کر رہے ہیں ۔ ایک طرف تو ہم سنتے ہیں کہ ان کی فاٹا سے بڑی ہمدردیاں ہیں ' دوسری طرف سے ایسی حرکتیں ہو رہی ہیں۔

Please don't disinform the House. This is complete disinformation that is being given.

سردار یار محمد رند، ہم اس کو consider کریں گے۔ ہم نے تو کوشش کی تھی کہ ان کو بہتر facilities دے سکیں اگر آپ کو اس پر اعتراض ہے تو میں گورنر صاحب سے بھی بات کروں گا اور اس پالیسی کو دوبارہ ہم revise کریں گے۔ اگر ان کو اس پر اعتراضات ہیں تو میں گورنر صاحب سے بھی بات کروں گا اور اس پالیسی کو ہم دوبارہ revise کریں گے۔

سینیٹر اسفند یار ولی، پھر حکومت کو تو بدنام نہ کرو۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ۔ جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ اس وقت NWFP کے اندر فاٹا کے لیے گورنر کا الگ سیکرٹریٹ قائم ہے اور Health Department کے لیے الگ Directorate ہے اور NWFP گورنمنٹ کو فاٹا کے اندر کسی چیز میں، کسی طرح کی مداخلت کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ یقیناً اس House کا استحقاق مجروح ہوا ہے جو information یہاں پر دی گئی ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جیسے بتایا گیا کہ 12 فروری 2002 کو جب موجودہ حکومت وجود میں نہیں آئی تھی اس وقت کا Notification تھا اور اس پر صوبائی اسمبلی کے اندر بڑی تفصیلی بحث ہوئی اور باقاعدہ کمیٹی قائم کی گئی اور اس کو ختم کیا گیا اور ختم کرنے کے بعد ابھی تک فاٹا کے غریب عوام سے یہ پیسہ وصول کیا جا رہا ہے ۔ وزیر صاحب کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ Federal Area میں شام کو بھی OPD کھول دی گئی ہے اور بغیر پیسہ لیے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے جب کہ فاٹا جیسے پسماندہ علاقے میں پیسے لے کر ان کا علاج کیا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: حمید اللہ آفریدی۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی ، جناب چیئرمین! میں بھی وزیر صاحب کی information میں اضافہ کروں گا۔ فاٹا میں بھی practice وہ نہیں کر سکتے ہیں بند ہے۔ جناب! اس میں ایسی مثالیں ہیں کہ باقاعدہ doctors کی suspension کی گئی ہے اور اس کو بند ہی رہنا چاہیے۔ وزیر صاحب تو اس کو CMH وغیرہ کے level پر compare کر رہے ہیں لیکن وہاں کے ڈاکٹر کا level اور ہے اور یہاں کے ڈاکٹر کا level اور ہے، یہ ڈاکٹر زیادہ important ہو گا، اس کے پاس اس قسم کے patients ہوں گے کہ وہ انہی کو دکھانے کے لیے مجبور ہوں گے جن کی وجہ سے یہاں allow ہوا ہو گا۔ وہاں تو جناب! نام کے doctors ہیں۔ ان کی degrees بھی پتا نہیں صحیح ہیں یا غلط ہیں۔ وہاں پر یہ discourage ہی ہونا چاہیے۔ وہاں پر یہ بند ہی ہیں۔ وہاں doctors باقاعدہ suspend ہوئے ہیں اور یہ وہاں discourage ہی ہونا چاہیے بند ہی ہونا چاہیے، کیوں کہ ان لوگوں کو وہ سرکاری ٹائم میں دیکھنا

discourage کرتے ہیں تاکہ جو سو، ڈیڑھ سو روپیہ ان کو ملنا ہے، شام کو وہ ان سے لے لیں۔
باقی اس میں as such rush والا factor ہی نہیں کہ وہ ان کو شام کو بلائیں۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں وہ کہہ رہے ہے کہ اس کو review کریں گے۔

سردار یار محمد رند: جہاں تک ان کی practice کا تعلق ہے، ہم نے تو یہ کہا ہے کہ working hours کے بعد اگر کوئی private practice کرتا ہے یا week end کے اوپر کرتا ہے تو اس کے لیے وہ ہے۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ یہ facilities ان کے لیے صحیح نہیں ہیں اور ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو اس پر ہم دوبارہ غور کر سکتے ہیں اور ان سے مشورہ لے کر جیسے وہاں کے ممبران مناسب سمجھتے ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر ہم policy کو change کر سکتے ہیں۔ ہم نے تو صرف ان کا یہاں reference دیا ہے۔

Mr. Chairman: Next question Mr. Muhammad Abbas Komaili.

question no. 4

4. ***Mr. Muhammad Abbas Kumaili:** (Notice received on 24-09-04 at 12.52 p.m.)

***Will the Minister for Defence be pleased to state whether it is a fact that PIA flights have been discontinued on Islamabad—Peshawar—Parachinar Sector, if so, its reasons and the time by which the same will be resumed?***

**Rao Sikandar Iqbal: PIA suspend its operations on the Islamabad—Peshawar—Parachinar route in August 2001 due to poor loads. In view of the limited traffic potential and unviable economics of operations, PIA has no plan to resume its operations on the Islamabad—Peshawar—Parachinar route in the foreseeable future.**

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر محمد عباس کمیلی، جناب! اس route کو انہوں نے discontinue کر دیا ہے اور یہ کہہ رہے ہیں کہ مستقبل میں بھی اس کے کوئی chances نہیں ہیں کیوں کہ یہ viable نہیں ہے۔ PIA اور بہت سے routes operate کر رہی ہے جو routeseconomically viable نہیں ہیں۔ یہ تو اس علاقے پاڑا چنار کے ساتھ زیادتی ہے۔ اس

طرح سے less developed areas کس طرح develop ہوں گے۔ یہ facility تو لوگوں کو ملنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: ان کو بھی اپنی commercial side دیکھنی ہوتی ہے .بہرحال وزیر صاحب۔

Mr. Zahid Hamid : Thank you sir. I would like for the information of the Member, to just mention the average passenger load on the 48 flights which were operated during the last 8 months before this route was closed. On the Islamabad - Parachinar Sector, the average passenger flight was 1.3. Only one person in this Twin Otter aircraft which carries 18 passengers was travelling from Islamabad to Parachinar and on the way back 0.9. one person was coming back. Even on the Peshawar - Parachinar sector, the average passengers were 4.6 on Parachinar - Peshawar 6.3. So, they are so low as to really obviate any possibility of restarting this route in the near future.

Mr. Chairman: Yes, Muhammad Akram.

سینیٹر محمد اکرم ولی: جناب چیئرمین صاحب! میرا supplementary سوال یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آج کل کے زمانے میں Airlines نہیں بلکہ ہر کمپنی profit and loss کی بنیاد پر کام کرتی ہے لیکن ہمارے ہاں کچھ متضاد قسم کی پالیسی exist کر رہی ہے۔ وہ اس طرح سے کہ PIA کے اندر کچھ routes socio-economic bases کے اوپر چلائے جاتے ہیں۔جس طرح کیپٹن صاحب نے فرمایا کہ کئی routes ایسے ہیں جو صرف اس بنیاد پر چلائے جا رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ policy کے تحت کئی private airlines کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ socio-economic grounds پر routes operate کریں۔ تو جب اسلام آباد' لاہور route پر viabilities بن جاتی ہیں .تو پشاور اور پارہ چنار پر کیوں نہیں بن سکتی ہیں

اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ اس پر بھی ذرا دوبارہ نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے کہ---

جناب چیئرمین، وہ تو passenger load پر ہوگا ناں۔ وہ خود تو نہیں بنائیں گے وہ تو جو logistics ہیں اسی کے حساب سے جائیں گے۔

سینیٹر محمد اکرم ولی، مگر جناب! جب لوگوں کی تکالیف کو ذہن میں رکھ کر دوسرے routes viable بن رہے ہیں اور یہاں پر میں اس بات پر یعنی load پر اتفاق نہیں کرتا۔ Loads تو available ہیں، یہ بات آجاتی ہے route کی profitability کی۔ اگر profitability دوسرے routes پر acceptable ہے تو یہاں بھی acceptable ہونی چاہیے یا پھر وہ بھی scrub کر دیئے جائیں۔ تو میرا خیال ہے یہ پوری policy غلط بنی ہوئی ہے اس کی تو total revision کی ضرورت ہے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister for Defence.

Mr. Zahid Hamid : Sir, the honourable member is quite right, sir, that there are certain socio-economic routes which are: to the Northern Area - Chitral, Makran Coast and Interior Sindh, which were being run by PIA through the Fokker aircraft notwithstanding the fact that the passenger loads were quite low and losses were being incurred. The PIA has been lodging claims with the Government for subsidising these routes Now, those Fokker aircrafts are more or less grounded and are being phased out. New Turbo Prop aircrafts are being obtained. These flights on the socio-economic routes will be re-started hopefully but I would again reiterate, sir, that in this particular route the passenger load is so low as to really make it totally, totally uneconomical.

Mr. Chairman: Kulsoom Parveen sahiba.

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! میرا سوال وزیر صاحب سے یہ ہے کہ PIA

کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ سوال پہلے بھی House میں آ چکا ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے انہوں نے کہا ہے کہ کچھ routes ایسے ہیں جو کہ منافع بخش نہیں ہیں۔ روزانہ جو flights آتی ہیں کوئٹہ سے اسلام آباد لیکن بدھ والے دن flight نہیں آتی جس کی وجہ سے اگر کوئی meetings یا اجلاس وغیرہ ہوتا ہے تو لوگوں کو کافی مشکلات ہوتی ہیں اور لوگ پھر پہلے کراچی جاتے ہیں اور پھر وہاں سے اسلام آباد آتے ہیں۔ تو کیا یہ وجہ بتائیں گے کہ کیوں بدھ والے دن flight کوئٹہ سے اسلام آباد نہیں آتی ہے۔ میرے خیال میں یہ route کافی منافع بخش ہے کیونکہ اگلے دن لوگوں کو بالکل جگہ نہیں ملتی جہاز میں۔

جناب چیئرمین: یہ تو نیا سوال ہوگیا۔ یہ اس کے ساتھ related نہیں ہے۔ لیکن یہ ہے کہ آپ اس point کو note کرلیں کہ difficulties رہتی ہیں ممبران کو۔ جی رضا صاحب۔

Mr. Zahid Hamid : Sir, I will.

سینیٹر رضا محمد رضا: شکریہ جناب چیئرمین! میرا بھی بڑا تلخ تجربہ ہے۔ اس لیے کیونکہ میں ژوب کا رہنے والا ہوں اور وہاں پر بھی PIA کی صرف ایک flight جاتی ہے اور ایک آتی ہے۔ اب تو وہ تقریباً نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس میں جناب! بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اس ادارے کو ملک کے ہر حصے سے نہیں کمانا ہے۔ اس نے اپنے ملک کی عوام کو سہولیات بھی دینی ہیں، لوگوں کو مرکز سے متصل کرنے میں مدد بھی دینی ہے۔ اب خصوصی طور پر بعض اقدامات ہوئے ہیں۔ اب northern areas کے لیے central excise duty اس کے ٹکٹ پر نہیں لی جاتی ہے۔ تو ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ پارہ چنار جیسے، خضدار جیسے، تربت جیسے علاقے، ژوب جیسے علاقے، ان کے لیے central excise duty جو 20% یا 25% ہے اس کو ختم کیا جائے اور اس کے connecting flights بنائے جائیں۔ یا تو خلیجی ممالک کے ساتھ ان کو connect کیا جائے یا ملک کے اندر۔ اب مثال کے طور پر پہلے ہمارا route ہوا کرتا تھا پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، ژوب، ملتان کے لیے تین دن اور تین دن کوئٹہ کے لیے۔ تو اس route کو develop کیا جائے، اب وہاں پر صرف ایک flight چلتی ہے۔ اس کو ایسا کیا جاسکتا ہے کہ پشاور۔ پارہ چنار۔ ژوب۔ ملتان یا کسی اور جگہ onward اس کو connected کیا جاسکتا ہے۔ خلیجی ممالک کے ساتھ بھی

اس کو connect کیا جا سکتا ہے۔ تو اس میں ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ آپ ہر جگہ وہ بنیے والا سلسلہ نہ نکالیں کہ اگر منافع ہے تو ہم نے چلانا ہے اور اگر منافع نہیں ہے تو نہیں چلانا۔ جب ہر جگہ آپ کو منافع ہے تو کسی ایک سیکٹر میں PIA کو نقصان بھی تو اٹھانا ہوگا۔ یا پھر دوسری کمپنیوں کو لایا جائے۔ سعدیہ والا Air Blue چلائے ادھر۔ اس میں کیا مشکل ہے؟ یہ تو چلایا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین: رضا صاحب! وزیر صاحب کو سن لیں کیونکہ وقت تھوڑا ہے۔

Would you like to comment on that?

Mr. Zahid Hamid: Sir, I have already said that yes, we do operate some socio-economic routes but the learned member will appreciate that the route cannot be run for just one passenger.

Mr. Chairman: Mr. Bilour! be brief.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Sir, the honourable Minister has talked about the economic problem: economically they are not viable but Peshawar Airport is most earning. The highest earning Airport because of the Middle East and Saudi Arabia: let me tell you very honestly that for Peshawar Airport if there is one or two flights which cannot make more money, it should be ignored. No.1.

نمبر 2، میرا سوال جناب کے ساتھ اس سے زیادہ relevant نہیں ہے۔ لیکن question یہ ہے کہ پشاور سے لاہور flight ہے، full جاتی ہے، لیکن flight timings کیا ہیں، most inconvenient ہیں۔ ایک بج کر 20 منٹ پر flight پشاور سے take off کرتی ہے اور وہ flight واپس آتی ہے وہاں سے چار بجے۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ صبح flight take off کرتی اور رات کو ادھر سے واپس آتی تھی لوگ صبح جاتے تھے اور اپنا کام کر کے شام یا رات کو واپس آ جاتے تھے۔ جناب پشاور کے ساتھ اور سرحد کے ساتھ پارہ چنار کے ساتھ اور خضدار وغیرہ کے ساتھ

سوتیلوں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔ کوئی limit نہیں ہے۔ یہ کہتے ہیں profitable نہیں ہے، تو پشاور جتنی earning دے رہا ہے آپ سوچ بھی نہیں سکتے۔

جناب چیئرمین، آپ وزیر صاحب کو تو سن لیں۔

**Mr. Zahid Hamid**: Thank you, sir, the first part of the question I have already answered twice, sir, the second part regarding the timings, I will bring to the notice of the PIA Authority.

**Mr. Chairman**: Mr. Bangulzai.

**سینیٹر لیاقت علی بنگزئی**، میرا سوال وزیر صاحب سے یہ ہے کہ انہوں نے جواب میں فرمایا کہ route پر کم load ہونے کی وجہ سے یہ route غیر منافع بخش ہے اور وہ loss میں جا رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! صاحب میرا سوال ان سے تھوڑا سا economically مختلف ہے اور شاید ذرا اس سے ہٹ کر بھی ہے۔ بہت سارے لوگ جب ہم یہاں آتے ہیں تو ہمیں ٹکٹ نہیں دیا جاتا اس بنا پر کہ جہاز میں overloading ہے اور دوسری option یہ رکھی جاتی ہے کہ یا پھر آپ Business class ٹکٹ لے لیں۔ پھر آپ سفر کر لیں۔ کئی مرتبہ ہم نے Economy کی بجائے----

**جناب چیئرمین**، یہ نیا سوال ہے اس کا اس سے تعلق نہیں ہے۔

**سینیٹر لیاقت علی بنگزئی**، نہیں اس میں بڑی اہم بات ہے جی۔ جب ہم Business class کا ٹکٹ لے کے اندر جاتے ہیں تو وہاں پورے جہاز کی سیٹیں خالی ہوتی ہیں۔ میری ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے سٹاف کو ذرا تنبیہ کر دیں کہ ہم سے غلط بیانی نہ کریں۔ یہاں ground میں تو یہ بتایا جاتا ہے کہ جہاز بالکل overload ہے لیکن جیسے ہی ہم اندر جاتے ہیں تو صورت حال مختلف ہوتی ہے۔ یا تو یہ ان کی کاروباری چال ہو گی۔

**جناب چیئرمین**، اچھا تشریف رکھئے۔ آئندہ ایسی بات آپ اسی وقت بتا دیں تاکہ فوراً چیک کر سکیں۔ Mr. Asfandyar Wali.

**Senator Asfandyar Wali**: Thank you Mr. Chairman.

جو بات الیاس صاحب نے کہی میں ذرا اس کو آگے بڑھاؤں گا۔

You have said also to a Member of the Board of Directors of the PIA and I was also there and if you remember the most profitable route for PIA was Dubai-Peshawar

باقی تو پشاور کی بدقسمتی کہ کوئٹہ سے تو کوئی flight آتی نہیں۔ لاہور کی timings کا انہوں نے بتایا۔ کراچی سے جو flight پشاور آتی ہے وہ صبح سات بجے take off کرتی ہے۔ رمضان میں تو ٹھیک ہے سحری کے بعد انسان جیسے ہی سحری کرتا ہے ایئرپورٹ چلا جاتا ہے۔ Sir, the most profitable route for PIA was Dubai-Peshawar انہوں نے اس کا آدھے سے زیادہ business تو Emirates کے حوالے کر دیا۔ وہ جو ہمارے profitable routes ہیں وہ آپ Emirates کے حوالے کر رہے ہیں، بدلے میں جو تھوڑے unprofitable ہیں جو اس کو balance کیا کرتے تھے وہ آپ بند کر رہے ہیں۔ ذرا مجھے یہ بتا دیں honourable Minister Sahib کہ کتنے صوبائی دارالخلافوں سے یا ہمارے ملکی دارالخلافوں سے پشاور by air connected ہے؟

Mr. Chairman: I think جو routes ہوتے ہیں--- نہیں یہ bilateral agreement کا سلسلہ ہے۔ بہرحال یہ وزیر صاحب خود بتائیں گے۔

Mr. Zahid Hamid : That is exactly the point, Mr. Chairman, You are very right. Let me first say in reply to the earlier question also from honourable Senator and the present question that it is correct that Peshawar Airport is one of the most profitable airports being run by the Civil Aviation Authority. So far as the Dubai-Peshawar route is concerned sir, this is also correct that Emirates has been given a share there but as you have very rightly pointed out, it is in accordance with the mutual

agreement between the two countries.

Senator Asfandyar Wali: Sir, it is the most profitable airport

Mr. Chairman: I think

وہ کہہ رہے ہیں کہ they will look at whatever can be done.

سینیٹر اسفندیار ولی: کچھ نہیں کہا sir انہوں نے۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں پہلے کہا تھا۔ اچھا پھر کہہ دیں۔

جناب زاہد حامد: Timing کے بارے میں نے پہلے ہی کہا تھا جی۔

Senator Asfandyar Wali: In Quetta, there is no flight. Timings

کی بات تو بعد میں آتی ہے پہلے آپ ہمیں flights تو دیں کوئٹہ۔پشاور کے لیے اس کے بعد پھر timings کی بات آئے گی۔

جناب چیئرمین: کافی supplementaries ہوگئے ہیں۔ ڈاکٹر محمد علی بروہی۔

5. ***Dr. Muhammad Ali Brohi:** (Notice received on 24-09-04 at 12.57 p.m.)

*Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state the number of Afghan refugees in Sindh and the time by which they will be repatriated?*

**Sardar Yar Muhammad Rind:** 0.250 million approximately.

**By March 2006, if conditions in Afghanistan were conducive for the return.**

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، جناب چیئرمین! مہربانی۔ وزیر موصوف نے جواب دیا ہے کہ تقریباً 250 million افغان مہاجرین سندھ میں ہیں۔ اگر افغانستان کے حالات سازگار رہے تو مارچ 2006 تک چلے جائیں گے۔ تو میں وزیر صاحب سے یہ پوچھوں گا کہ اگر افغانستان کے

حالات ناساز گار رہے تو کیا زندگی بھر ہم میزبانی کے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔

سردار یار محمد رند، جناب چیئرمین! مہاجرین 02.5 million ہیں۔ ہم کوشش کر رہے ہیں اور ہماری ترجیح ہے کہ وہ 2006 تک واپس چلے جائیں۔ اس پر ہماری بات UNHCR کے ساتھ ہماری بات ہو رہی اور ہم ان کی واپسی کے بہتر طور پر انتظامات کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ افغانستان کے حالات پر depend کرتا ہے۔ انشاء اللہ جیسے جیسے افغانستان کے حالات بہتر ہو رہے ہیں روز بروز ان کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے اور ہم اس قسم کے حالات وہاں پیدا کر رہے ہیں۔ ہم UNHCR کے ساتھ مل کر packages دے رہے ہیں کہ وہ 2006 تک افغانستان واپس جا سکیں۔

جناب چیئرمین، نگہت مرزا صاحبہ۔

سینیٹر مسز نگہت مرزا، جناب چیئرمین! اگر کسی بھی علاقے میں مہاجرین کو آباد کیا جاتا ہے تو پھر کوئی خاص علاقہ ان کے لئے مختص کر دیا جاتا ہے کہ وہ ان حدود میں رہیں گے۔ مجھے نہیں معلوم کہ ملک کے دوسرے حصوں میں کیا صورتحال ہے۔ خصوصاً کراچی میں تو میں نے یہ دیکھا ہے کہ کپڑے کی تمام تجارت افغان مہاجرین کے ہاتھوں میں ہے۔ ٹھیلے والے ہیں تو افغان مہاجرین ہیں یہاں تک کہ فٹ پاتھوں پر بھیک مانگنے والے بھی افغان مہاجرین ہیں۔ تو آپ یہ بتائیے کہ ہمارے ہاں لوگوں سے بھیک کا حق بھی چھین لیا گیا ہے وہ کیا کریں؟

جناب چیئرمین، جی اسفندیار ولی۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب چیئرمین! میں وزیر صاحب کو کراچی کے ہزاروں ایسے بندوں کی list with addresses پیش کر سکتا ہوں who are not Afghan refugees, they belong to FATA and to the nameless province (N.W.F.P). اگر میں یہ ثابت کر دوں کہ ان میں آپ ان لوگوں کو بھی treat کر رہے ہیں جو قبائلی علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں یا جو میرا بے نام صوبہ ہے اس سے تعلق رکھتے ہیں تو کیا ان کو کم از کم یہ Identity Cards دے دیں گے۔ جناب! میں اکثر کراچی جاتا ہوں اور ہزاروں کے تعداد میں یہ شکایت مل رہی ہے کہ فاٹا کے لوگوں کو اور باقی پختونوں کو صرف اس بہانے پر وہ Identity Cards

نہیں دے رہے ہیں کہ وہ افغان مہاجرین ہیں حالانکہ وہ اپنا ڈومیسائل دکھاتے ہیں اور سب کچھ دکھاتے ہیں لیکن ان کا شمار پھر بھی Afghan refugees میں ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ تو Interior کا ہوگا۔

سردار یار محمد رند: جناب چیئرمین! یہ question تو Interior کا بنتا ہے مگر جہاں تک تعلق FATA اور Frontier کا ہے۔ ایسی کوئی بات نہیں ہوگی۔ ہم کوشش کر رہے ہیں اور اب ہم Afghan refugees کو ایک document بھی دینے کے لئے کوشش کر رہے ہیں کہ ان کے پاس documents بھی ہوں اور ہمارے پاس صحیح facts and figures ہوں۔ ہمارے borders کے ساتھ جو camps تھے وہ بھی ہم نے ختم کر دیئے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ان کو ایک کیمپ کے اندر لایا جائے-اور UNHCR کے ساتھ مل کر ان کو 2006 تک واپس بھیجا جائے۔ جہاں تک کراچی میں ہمارے FATA اور Frontier کے لوگوں کا تعلق ہے۔ اس وقت یہ ذمہ داری میرے ذمے ہے اور کی انشاء اللہ ہم کوشش کر رہے ہیں اور Interior سے بھی بات کریں گے، اگر ان کے پاس وہاں کے documents ہوں، اگر وہ پاکستان کے شہری ہیں تو ان کے پاس documents ہونے چاہئیں۔ ان کے پاس proof ہونے چاہئیں۔ جن جن لوگوں کے پاس proof ہوں گے ہم انشاء اللہ ان کی تکلیف دور کریں گے۔

جناب چیئرمین: اسلم بلیدی صاحب۔

سے ہٹ کر کوئی اور حل اس مسئلے کا نہیں ہو سکتا ۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ اگر آج تک اس پر عمل نہیں ہو سکا تو اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ وہ irrelevant ہوگئی ہیں بلکہ یہی وہ فریم ورک ہے جس کے تحت کام کیا جا سکتا ہے ۔ اس بنیاد پر کشمیر کے عوام جدوجہد کر رہے ہیں ، انہوں نے قربانیاں دی ہیں ۔ ایک طرف سات لاکھ فوج ہے اور دوسری طرف اسی ہزار افراد اپنی جانوں کا نذرانہ پچھلے پندرہ سالوں کے اندر پیش کر چکے ہیں ۔دنیا کے تمام لوگوں نے یہ مانا ہے کہ main stream movement religious ہے ۔ قربانیاں دینے والے جموں وکشمیر کے عوام ہیں ۔ ہم اپنے strategic مفاد میں ان چودہ ملین افراد کو کیا پیغام دے رہے ہیں اور یہ کہہ دینا کہ یہ کوئی وہ discussion کے لئے بات کر رہے ہیں ۔ اس سے زیادہ غیرذمہ داری کی بات اور کوئی نہیں ہو سکتی۔میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ پالیسی کے معاملات میں اگر ایک فرد کو سارے اختیارات آپ دے دیں گے تو پھر اسی طریقے سے ہمارے مفادات پر ضرب پڑے گی۔ پارلیمنٹ موجود ہے اسے closed door session میں اس مسئلے پر غور کرنا چاہیے۔ آپ نے پارلیمنٹ کی کشمیر کمیٹی بنائی ہے اس میں بات کیجیے۔ ہندوستان نے ہمارے منہ پر طمانچہ لگایا جب اس نے یہ کہا ہے کہ ہم diplomacy پریس کے ذریعے نہیں کرتے تو اس نے کوئی reasonable جواب نہیں دیا۔ آپ سارے concessions دیئے جا رہے ہیں' humiliating flexibility آپ show کر رہے ہیں اور دوسری طرف انڈیا نے آج تک یہ بھی تسلیم نہیں کیا ہے کہ یہ disputed issue ہے ۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ بیان دے کر انہوں نے پاکستان کے بنیادی مفاد کو نقصان پہنچایا ہے ۔ ہماری bargaining position کو مجروح کیا ہے ۔ دنیا میں diplomacy کا یہ قاعدہ نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے نقشہ سامنے رکھا اور ان کے اوپر یہ الہام ہوگیا کہ یہ سات region بن جاتے ہیں ۔ میں کہنا چاہتا ہوں Dixon Plan پڑھ کر دیکھ لیجیے آج سے پچاس سال پہلے کیا باتیں کی گئی تھیں۔ آپ اس کی ساری رپورٹ اٹھا کر دیکھ لیجیے ۔ آپ امریکہ کا جو Kashmir Study Group ہے اس کی report اٹھا کر دیکھ لیجیے ۔ آپ ہندوستان کی report اٹھا کر دیکھ لیجیے ۔ آج Times of India نے یہ بات کہی ہے کہ اس قسم کی تجویز پر ہم چودہ سال سے غور کر رہے ہیں تو جناب والا! میں آپ کے توسط سے اس ایوان کو اور پورے ملک کو اس مسئلے کے اوپر متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک political

blunder ہے اور محض ایک فرد کو اختیارات دینے میں کوئی اس پر احتساب نہیں ہوگا، کوئی بازپرس نہیں ہے، کوئی consultation نہیں ہے وہ جو چاہتا ہے کہتا ہے۔ جس طرح چاہتا ہے کہتا ہے۔ آپ دیکھیے کہ اس کے نتیجے میں ملک میں اور ملک سے باہر اور خاص طور سے مقبوضہ کشمیر میں جہاں یہ تحریک چل رہی ہے وہاں کے ہر گروہ نے یہ کہا ہے بجز ان افراد کے جو ایک خاص direction کے اندر committed ہیں، ہمارے لیے یہ ناقابل قبول ہے۔ ہم کوئی مال تجارت نہیں ہیں کہ جس کا دل چاہے بیٹھ کر حصے بخرے ہمارے کر دے۔ یہ ایک ریاست ہے اور صرف ریاست کے عوام کو یہ حق ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں اپنے مستقبل کا فیصلہ کریں یا جو متعلقہ پارٹیاں ہیں پاکستان انڈیا اور کشمیر کے عوام، وہ مل کر راستہ نکالیں۔ ہم ان کی آزادی، ان کی جدوجہد کو sabotage کر رہے ہیں اس قسم کا بیان دے کر یہ ہر حد سے دور جانا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ President نے اپنی oath کو violate کیا ہے یہ بیان دے کر صدر صاحب نے جو دستور کے تحت اختیارات ہیں ان سے تجاوز کیا ہے اور اس کے اوپر میری نگاہ میں پوری پارلیمنٹ کو اس کا مواخذہ کرنا چاہیے، احتساب کرنا چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ، جناب والا! ابھی فاضل ممبر نے ایک بات کی تھی میں صرف اس کی correction کرنا چاہوں گا۔ صدر صاحب نے جو تجاویز پیش کیں وہ open to debate ہیں وہ کوئی فیصلہ نہیں ہے۔ دوسرا یہ کہنا کہ کشمیریوں نے اس کو یکسر مسترد کر دیا ہے میں سمجھتا ہوں یہ بات ٹھیک نہیں ہے۔ ابھی شبیر شاہ صاحب اور میر واعظ فاروق کا کل بیان ARY TV پر ساری دنیا نے دیکھا ہے کہ انہوں نے اس تجویز کا خیرمقدم کیا ہے بلکہ میر واعظ فاروق نے یہاں تک کہا ہے کہ حریت کے آئین میں یہ بات موجود ہے کہ دیگر options پر بھی غور ہو سکتا ہے تو صرف اس کو اسلام اور کفر کا مسئلہ بنا دینا ٹھیک نہیں ہے، غور و فکر کرنے میں کسی بھی چیز کے اوپر کوئی حرج نہیں ہے۔ میں یہ بات ریکارڈ کی درستی کے لیے کرنا چاہ رہا تھا۔

جناب چیئرمین، محمد رضا حیات ہراج صاحب۔

جناب محمد رضا حیات ہراج (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) ، جناب والا!

basically honourable Member کو بہت بڑی غلط فہمی ہوئی ہے اور ان کو جو اطلاع ملی ہے وہ بالکل غلط اور بے بنیاد تھی ۔ جناب والا! discussion میں صدر صاحب نے یہ refer کیا کہ اس کو اگر آپ geography میں geographical continuity دیکھیں تو یہ geography کے لحاظ سے یہ سات region بنتے ہیں جو وہاں پر موجود تھے ' اہل نظر جو اس پر لکھتے ہیں اور public opinion کو mould کرتے ہیں and then he urged the journalists his entire essence was that I would like to take the entire nation into confidence and also the journalists جو کہ اس community کا ایک سب سے پڑھا لکھا طبقہ ہیں اور واقعی اس میں کوئی شک والی بات نہیں کہ یہ intelligent لوگ ہیں تو ان کو چاہیے کہ یہ urge کریں یا تو صحافی خود اس پر debate so that the people of Pakistan should participate لکھیں، jurists لکھیں، politicians لکھیں، political jurists اس پر لکھیں ۔ ٹی وی پر debate ہو ' پارلیمنٹ میں debate ہو because he wants to take the entire nation into confidence. Sir, this was just a food for thought for journalist community کہ آپ کو اس پر deliberations کرنی چاہییں۔ آپ کو اپنی رائے دینی چاہیے ۔ اس میں کوئی شک والی بات نہیں کہ صحافی وہ باتیں لکھتے ہیں ' ان کے پاس پچھلے کئی سالوں کا تجربہ ہے ۔ ہر آدمی ہر ہفتے ایک insight دیتا ہے certainly he has a philosophy of the things. He is well informed, well read تو اس سے public opinion mould کرنے میں ان کا بڑا کردار ہوتا ہے تو he urged the journalist community کہ آپ اس پر اپنے articles لکھیں، debates کروائیں، لوگوں سے opinion لیں۔ یہاں پر discussions ہوں ' deliberations ہوں اور the entire nation should come forth and then, of course, he said that we are going to discuss the options and he did not discuss the options. He said, this is a food for thought for the entire nation to come and actively participate on the issue of Kashmir.

میرے خیال میں honourable Senators کو تھوڑی سی غلط فہمی ہے ' ان کو جو اطلاع ملی ہے کہ یہ U-turn ہے

"No", this is for the first time in the history of the Kashmir dispute that both the countries have given a road map, I cannot discuss on behalf of the Foreign Ministry because they have more knowledge but suffice could it be, to say sir, for this occasion that it is the first time in the history of Kashmir dispute that all the countries Pakistan, India and the Kashmiri people, we have a sort of road map within which they have to decide and deliberate. We are discussing the options right now. So, once the options are short listed, the nations have been taken into confidence and, of course, this issue has been discussed in the Parliament. Parliament

میں بھی literary honourable Senators ہیں، نیشنل اسمبلی کے Members ہیں ان کی ایک رائے ہے۔

they represent the masses of Pakistan, they would also deliberate on these issues. Yes, once this deliberatons is there which will take some time but nevertheless a road map is there and the President rightly pointed out that for the first time he also envisages a light at the end of the tunnel as far as the issue of the Kashmir is concerned. It is one of the core issues of Pakistan, there cannot be possible contemplation of any U-turn on any issue of Kashmir sir.

یہ ہمارے پاکستان کی بقاء کی بات ہے اور آپ کو علم ہو گا، جو آج انہوں نے یہ بات کر ڈالی اور بڑی انہوں نے۔ آپ کو یاد ہو گا۔۔ I think, they have not the patience to listentome.

Mr. Chairman: We should hear the honourable Minister.

جناب محمد رضا حیات ہراج : میں نے تو یہ پوچھنا تھا کہ آخر میں اگر یہ بولنا چاہیں

میں بعد میں جواب دے دوں گا۔ Sir, when he went to Agra, you remember that sir. it was three years ago اور اگر اس میں کشمیر issue نہیں تھا تو he said, if Kashmir has to be on the top of the issues otherwise I have no negotiations or anything and the entire nation knows that how close he thinks is the Kashmir issue to him and for the importance to the Pakistani people. So, I think, this was an urge and the request and a food for thought for the jounalist community of Pakistan that they should come forth, deliberate and guide the people, mould the public opinion and there should be a healthy debate on this. He would like to take the nation into confidence and not as the honourable Senator has thought about it sir.

جناب چیئرمین: بی بی یاسمین شاہ۔

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ: جناب! میں آپ کی توجہ سندھ کے علاقے بدین کی طرف دلوانا چاہتی ہوں وہاں پر ماہی گیروں کے ساتھ بہت زیادہ نا انصافی ہو رہی ہے۔ وہاں کی جو Rangers ہے انہوں نے وہاں پر کافی مسئلہ بنایا ہوا ہے۔ ماہی گیروں کو جو ٹھیکے دیے جاتے ہیں وہ ابھی local ماہی گیروں کو نہیں دیئے جا رہے ہیں۔ بدین سے جو باہر کے لوگ ہیں ان کو یہ ٹھیکے دیئے جا رہے ہیں۔ اس وجہ سے وہاں پر بہت بیروزگاری بڑھ گئی ہے اور ماہی گیروں کے لیے بہت زیادہ پریشانی ہو گئی ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ وہ پہلے سے ہی غریب ہیں نہ ان کے پاس کوئی زمین ہے، نہ کوئی ان کے پاس کوئی اور روزگار کا ذریعہ ہے، اسی ماہی گیری پر ان کا سارا دارومدار ہوتا ہے۔ ان کے باپ، دادا سے جو سلسلہ روزگار کا چلا آ رہا ہے، اب ان کو بہت pressurise کیا جا رہا ہے۔ میری آپ سے التجا ہے کہ چونکہ Ranger جناب! Interior کے under آتی ہے اس لیے سندھ گورنمنٹ اور Interior Ministry مل کر اس مسئلے کا حل ڈھونڈیں۔ جناب اس حالت میں law and order کی situation بھی خراب ہو سکتی ہے۔ میرے خیال میں اس حکومت کی توجہ زیادہ اسی چیز پر ہے کہ بیروزگاری اس ملک سے ہٹائی

جائے لیکن جناب! اس طرح بے روزگاری کس طرح ہٹائی جائے گی۔ میرے خیال میں 30 ہزار سے زیادہ خاندان وہاں پر بے روزگار ہو گئے ہیں۔ ان کے پاس اچھی صحت ہے نہ ان کے بچوں کے پاس اچھی تعلیم ہے۔ اگر ہم ان سے یہ روزگار کا ذریعہ بھی چھین لیتے ہیں تو پھر ان کے پاس کیا رہ جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر وسیم شہزاد: جناب چیئرمین! انہوں نے اس طرف اشارہ کیا۔ اگر یہی صورتحال رہی تو یہ تو ٹھیک نہیں ہے اور definitely اس کو ہم دیکھتے ہیں کہ کیا صورتحال ہے۔

جناب چیئرمین: رضاربانی صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: وزیر محترم نے جو بات کہی ہے۔ اخبارات میں جو رپورٹ آئی ہے وہ میں نے حرف بہ حرف پڑھی ہے اور جتنے reactions باہر سے آئے ہیں ان کو بھی میں نے دیکھا ہے اور میں نے خود یہ بات کہی ہے کہ چند افراد کو چھوڑ کر، میں جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ diplomacy کے جو معروف طریقے ہیں اور اتنے sensitive issue پر گفتگو، ٹھیک ہے میں respond کرتا ہوں کہ آپ پارلیمنٹ میں لائیے issue کو، کشمیر کے مسئلے پر بات کیجیے۔ کشمیر کمیٹی بنائیے۔ ہم تیار ہیں اس کے لیے، آپ بھی اپنی بات کہیں ہم بھی اپنی بات کہیں گے لیکن اس type کے اخباری feelers سے وہ بھی صدر کی طرف سے آنا تو یہ دراصل کوئی ذاتی رائے نہیں ہے بلکہ یہ فی الحقیقت پالیسی کے معاملے میں serious انحراف ہے اور اس کا notice لینا ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: وزراء صاحبان نے اس پر بیان دیا ہے۔ آپ نے جیسے کہا ہے کہ it will be disturbed, it will be disturbed, so I think that is on record.

(مداخلت)

جناب محمد رضا حیات ہراج: جناب! مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ debate کرنا چاہتے ہیں تو بڑے شوق سے کریں۔

(مداخلت)

Senator Mian Raza Rabbani : Sir, the point is, already two Ministers responded. If there is going to be another response then we are going to open up the debate from this side.

پھر تفصیل میں پوری بات کریں کہ یہ بات کھل کر سامنے آئے کہ کس طرح پارلیمان کو by pass کیا گیا۔ پھر یہ بھی بات کھل کر سامنے آئے کہ کس طرح یہ 70 ممبران کی کابینہ کو confidence میں نہیں لیا گیا۔ پھر یہ بھی بات کھل کر سامنے آئے کہ کس طرح Foreign Minister باہر کے ملک میں بیٹھا ہوا ہے اور بیان دے رہا ہے اور یہاں پر دوسرا بیان دیا جا رہا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، رضا صاحب! وہ یہی کہہ رہے ہیں کہ it will be discussed in the Parliament. He has committed that. تشریف رکھیے۔ جی رضا ربانی صاحب on a point of order.

Senator Mian Raza Rabbani : Sir, you are telling him to sit down, the Leader of the House is telling him to sit down but.........

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Please no cross talk. I would request the both sides.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Please, no direct talks.

ربانی صاحب آپ اپنے point of order پر بات کریں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، [xxxx]

Mr. Chairman: All personal remarks should be expunged. There

[xxxx Words expunged by the order of the Chairman]

should,be no personal remarks, they should be expunged from the record.

جناب چیئرمین ، جناب ہدایت اللہ شاہ صاحب - Please no cross talk, no cross talk.

*(Interruption)*

**Mr. Chairman:** Let us look at the decorum of the House, no cross talk please.

ہدایت شاہ صاحب کو سنیئے ' ان کا point of order, as was agreed, let him convey his point of order.

سینیٹر جناب ہدایت اللہ شاہ، شکریہ جناب چیئرمین! میں اس مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ صورتحال انتہائی مخدوش قسم کی اور خطرناک ہے۔ آج بھی جس طریقے سے اخبارات اور ٹی.وی کے ذریعے سے ہمیں معلوم ہوا ہے وہاں پندرہ آدمی شہید ہو گئے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی ایسی طاقت اس کے درمیان میں ہے جو فوج کو اور قبائلی مسلمانوں کو آپس میں لڑانا چاہتی ہے۔ میرا یہاں point of order یہ ہے کہ حکومت، وزیر داخلہ ہمیں یہ بتائے کہ کل کا جو المناک حادثہ ہوا ہے اس میں کون مجرم ہے اور وہ کس نے کیا ہے اور کونسی طاقتیں اس کے پیچھے ہیں تاکہ تحقیق کی جائے اور ان مجرموں کو سزا دی جائے۔

دوسرا نکتہ میرا یہ ہے کہ تھائی لینڈ کے مسلمان جو اپنے حقوق کے لیے وہاں مطالبہ کررہے تھے، تھائی لینڈ کی حکومت نے ان پر گولیاں چلائیں اور ستر مسلمان شہید ہو گئے۔ خاص طور پر سبتانی کے مسلمان کافی عرصہ سے جن کے حقوق سلب کئے گئے ہیں لیکن تھائی لینڈ کی حکومت ان کی مذہبی آزادی کو کچل رہی ہے اور طاقت کے ذریعے کچل رہی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں اور حکومت پاکستان سے اپیل کرتا ہوں کہ تھائی حکومت سے بات کی جائے۔ وہاں کے مسلمانوں پر جو ظلم ہو رہا ہے، زیادتی ہو رہی ہے، ان کی مذہبی آزادی کو سلب کیا جا رہا ہے تاکہ ان کو پابند کیا جائے۔ طلباء کا پرامن جلوس تھا اور اس پر تھائی حکومت نے باقاعدہ گولیاں چلائیں اور ستر مسلمان شہید ہو گئے جو سارے کے سارے روزے سے تھے اور پرامن تھے۔

جناب چیئرمین، آغا پری گل صاحبہ۔

سینیٹر مسز آغا پری گل ، جناب چیئرمین! میں آپ سے یہ گزارش کرنا چاہتی ہوں۔ یہ بہت چھوٹی سی بات ہے، اتنی بڑی بات نہیں ہے نہ کوئی ہنگامے والی بات ہے۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں اور افسوس سے کہنا چاہتی ہوں کہ ہمارے جتنے بھی سینیٹر حضرات ہیں، ہم آپ لوگوں سے کوئی ایسا ویزہ نہیں مانگ رہے ہیں، امریکہ کا ویزہ مانگ رہے ہیں، نہ لندن کا ویزہ مانگ رہے ہیں۔ صرف عمرے پر جانے کے لیے ہمارے سینیٹرز نے سب نے درخواستیں بھی دیں اور ہم نے request بھی کی ۔ آپ یقین کریں کہ جتنے بھی ہمارے سینیٹرز ہیں ان کے تمام کے عمرے کے letter واپس آگئے اور کسی کا بھی میرا خیال ہے ویزہ نہیں لگا ہے۔ میں یہ آپ سے گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ یہ مہینہ ایسا مہینہ ہے اور اللہ کے گھر جانے کے لیے بھی اتنی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ میں صرف اسی بات کے لیے اٹھی تھی۔ اب چونکہ دن بھی دس پندرہ رہ گئے ہیں عمرے پر جانے کے لیے۔ میں صرف آپ سے درخواست کر رہی ہوں کہ جب ایک سینیٹر کا ویزہ نہ لگے تو پھر جناب ہمارا اس ہاؤس میں بیٹھنے کا فائدہ کیا ہے۔ پھر ہم دوسروں کو کیا ویزہ لگوا کر دیں گے، دوسروں کو کیا دیتے ہیں ہم لوگ؛ یعنی میں اس لیے صبح سے پریشان تھی اور آپ کو بار بار اشارے کر رہی تھی کہ مجھے بولنے کا موقع دیں۔ صرف دو دن رہ گئے ہیں۔ آپ یقین کریں کہ کوئی بھی سینیٹر جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، بتائیں آپ کہ کسی کا ویزہ لگا ہے؟

جناب چیئرمین ، نہیں ، کچھ کے لگے ہیں۔ میں نے عرض کیا ہے کہ Foreign Minister Sahib سے میں نے یہ ذکر کیا تھا۔ آج بھی میں نے دو کے لیے خط دیا ہے اور بات کرنے کی کوشش کی ہے اور Foreign Minister Sahib کو بھی میں نے اس سے آگاہ کیا ہوا ہے۔

سینیٹر مسز آغا پری گل ، جناب چیئرمین صاحب! افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ یہ میں کہہ رہی ہوں آپ سے کہ یہ کیا ہو رہا ہے جب ایک سینیٹر کا عمرے کا ویزہ نہیں لگتا ہے، اس کی فیملی کا بھی تو ہمارے غریبوں کا کیسے لگے گا؟ یہ کہاں جائیں گے؟ ویسے تو درجنوں کے حساب سے ایجنسیوں کے لوگوں کے لگ رہے ہیں اور travel agents کے ٹرکوں

کے حساب سے، میں کہتی ہوں کہ کروڑوں کے حساب سے ویزے لگ رہے ہیں اور سینیٹرز بے چاروں کے بیوی بچوں کے نہیں لگ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، بہرحال یہ میں نے وزیر خارجہ صاحب سے take up کیا ہوا ہے اور میں پھر بھی ان کو کہہ دوں گا۔ وسیم سجاد صاحب آپ بھی مہربانی کرکے ان کے نوٹس میں لے آئیے گا، پوچھ لیجئے گا۔

سینیٹر مسز آغا پری گل، یہ کبھی بھی اس طرح نہیں ہوا۔ یہ پہلی دفعہ اس طرح ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین، میں نے Foreign Minister صاحب سے اس بارے میں بات کی ہے۔

سینیٹر مسز آغا پری گل، نہیں، چیئرمین صاحب! اس کو light نہیں لینا ہے۔ دو دن رہ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں، آپ جو suggest کرنا چاہتی ہیں وہ بتائیں کیا ہے؟

سینیٹر مسز آغا پری گل، یہ ایوان بالا ہے۔ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔ بہت بڑی بات ہے۔ ایوان بالا ہے۔ آپ order کریں کہ سارے سینیٹروں کے بمع اہل و عیال ویزے لگنے چاہئیں تا کہ وہ عمرے پر جائیں۔ آپ کو دعائیں ملیں گی اور کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین، میری طرف سے پوری کوشش ہو گی۔

سینیٹر مسز آغا پری گل، نہیں، صرف کوشش نہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، نہیں، جو procedure ہے وہ ان کا اپنا ہے۔ مجھے اس کے بارے میں پتا نہیں ہے۔ میں نے آج بھی Foreign Minister صاحب کو خط دیا ہے اور میری طرف سے پوری کوشش جاری ہے۔ آپ یقین رکھیں۔ جی اسفندیار ولی۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب چیئرمین! میں نے جو بات وانا کے بارے میں کہی ہے اس کو ذرا آگے بڑھانا چاہوں گا۔ کل رات T.V پر اور آج اخبار پر پڑھ کر کوئی عجیب سے شکوک

و شبہات ذہن میں اس واقعہ کے بارے میں آتے ہیں جب ISPR کا spokesman کہتا ہے کہ
from an unkown direction وہ گولہ آیا۔ اب کم از کم یہ اگر پتا نہیں ہے کہ کس جگہ سے آیا
ہے direction کا پتا بھی اگر ISPR کو خود نہیں ہوتا کہ کس direction سے یہ گولہ
آیا ہے ۔ although last night we received telephone calls from there کہ وہ گولہ
چاہے misfire ہوا ہو، جو بھی ہوا ہو، friendly fire ہے جو بھی ہے ۔ But our
information last night is that, that thing was fired by our forces. اب اس کی
repercussions جو وہاں ہو رہی ہیں that will lead to a outright civil war.
Miscreants یا جو بھی لفظ یہ استعمال کرتے ہیں، terrorists استعمال کرتے ہیں،
miscreants کرتے ہیں۔ پہلے terrorists تھے پھر miscreants پر آگئے۔ وہ اپنی جگہ پر
ہیں۔ کل جو کچھ ۱۵ بندوں کے ساتھ ہوا ہے۔ یہ ۱۵ بندے جرگے کے ممبر تھے۔ اب یہاں جو
ہمارے صوبے کے پختون یا فاٹا کے لوگ بیٹھے ہیں، وہاں جرگے کے ممبر کی جو حیثیت اور
مقام ہوتا ہے وہ ان سب پر واضح ہے۔ اس کی retaliation پھر لازمی ہوتی ہے۔ میری یہی
request ہوگی کہ please look into this matter. یہ اتنا light مسئلہ نہیں ہے کہ یہاں ہم
بیٹھ کر فاتحہ پڑھ لیں۔ ۱۵ بندوں کی فاتحہ ہم نے پڑھ لی۔ ہمارے لئے تو کم از کم

I don't know, our resources may be wrong but we have been told last night that it was friendly fire and not fire from anyone else. If it was fire from anyone else but at least the ISPR spokesman could have said

کہ جی یہ north یا south سے آیا ہے۔ ٹھیک ہے specific space ہمیں نہیں بتاتے۔

But when the spokesman of the ISPR just comes and says that it came from an unknown direction, not an unkown location, an unknown direction

اسی سے شکوک و شبہات جنم لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین، بخاری صاحب، صحیح parliamentary leaders کے ساتھ جو agree

ہوا تھا میں پہلے اس پر آؤں گا۔ مجھے پہلے وہ پورا کرنے دیں۔ اس طرح ہر کسی کا point of order accommodate نہیں ہو سکے گا۔ پہلے منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ، جناب چیئرمین! کل جو واقعہ وانا میں ہوا ہے۔ یہ ہمارے ان دوستوں کی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی ہے جوکہ ابھی تک دہشت گردوں کو مجاہد کی مسند پر بٹھانے کے درپے ہیں۔ کل ان دہشت گردوں نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ وہ اپنے اس زمین پر رہنے والے لوگوں کے ساتھ نہیں ہیں۔ کل امن جرگے پر دہشت گردوں کی فائرنگ کی وجہ سے جو نقصان ہوا وہ ان کی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی ہے۔ اس قسم کی statement یہاں پر دینا اور حالات کو distort کرکے پیش کرنا میں سمجھتا ہوں یہ غلط بات ہے۔ یہ statement دینا کہ یہ friendly fire ہے میں اس کی پوری ذمہ داری کے ساتھ نفی کرتا ہوں۔

Senator Asfandyar Wali: Mr. Chairman, he misquoted certain facts. Statement that I have not made was attributed to me and I think that I have the right to......

Mr. Chairman: I don't think that he attributed to you.

سینیٹر اسفند یار ولی، نہیں نام نہیں لیا but you can I know

Mr. Chairman: No, no he has said

آپ نے تو point out کیا کہ بھئی-----

سینیٹر اسفند یار ولی، Basically اگر آپ اس پر جائیں اور میں صرف یہی پوچھوں کہ what was the policy of the then Government of Pakistan? اب کیوں اوروں کا منہ کالا کرتے ہو، کیوں پھر یہ pandora's box کھولتے ہو۔ اس وقت کس نے training camps لگانے، کس نے trained کئے، کس نے finance کیا۔ یہ جو سات ستارے جمع ہوئے، کس نے کئے۔ کیوں ہمارے منہ کھلواتے ہو۔ ہم صرف یہ کہتے ہیں------

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے۔ مسز تنویر خالد۔

سینیٹر مسز تنویر خالد ، میں وانا کے سلسلے میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ پاکستان ہمارا

ملک ہے اور اس ملک میں امن و امان سے رہنا یہاں کے عوام کا بھی حق ہے اور یہاں پر امن و امان قائم رکھنا اور ہر طرح کے external and internal threat سے اپنے ملک اور اپنی public کو محفوظ رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس direction میں جو کچھ حکومت کر رہی ہے ہمیں اسے endorse کرنا چاہیے اور اس بات کو مضبوط کرنا چاہیے کہ ہمارا ملک حفاظت سے رہے۔ یہ نہیں کہ آئے دن، بجائے external کے آپس ہی میں خون خرابے ہوں، امن و امان سے رہنا چاہیے اور ملک کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے۔ Secondly جو بات پہلے ہو رہی تھی about Kashmir تو اس پر میری یہ اپنی رائے ہے، میں اس کے بارے میں لکھتی بھی رہی ہوں اور بولتی بھی رہی ہوں۔ یہ کشمیر کا قضیہ اتنا پرانا ہے since the birth of Pakistan and its more than half a century. کہ دونوں اپنے اپنے stand پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ طریقہ یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی نے ناحق قبضہ کر لیا تو either he was so aggressive or so powerful. go and snatch form them and conquer that آپ وہ بھی نہیں کر سکتے ہیں تو کوئی بھی ظالم خود بخود انصاف کیوں کرے گا، وہ آپ کو پلیٹ میں پیش کرے گا، ایسا نہیں ہوتا اور نہ آپ کی کوئی فریاد سننے والا ہے، کوئی تیسری power اپنے vested interest کے آگے کسی سے خوامخواہ انصاف نہیں کرتی اور آپ ے بھی نہیں سکتے۔ تو پھر آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ اسی سال جب ہم نے defence میں national security کا course کیا تھا اورہم کشمیر گئے تھے وہاں کے چیف منسٹر صاحب نے lunch کا اہتمام کیا اور انہوں نے ایک گھنٹے تک تقریر کی اور دوسروں نے بھی تقریریں کیں کہ ہمارے ہزارہا جوان یہاں پر شہید ہو رہے ہیں اور ہمارے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے آپ مختصر رکھیئے، point ہو چکا ہے اور کیا کہنا چاہتی ہیں، point of order پر تقریر نہیں ہو سکتی۔

سینیٹر مسز تنویر خالد: میں صرف ایک منٹ بولوں گی۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ سے بہت زیادہ ہو گیا ہے اور بھی کافی ہیں اور پھر آگے business بھی conduct کرنا ہے۔

سینیٹر مسز تنویر خالد نہیں، نہیں، ابھی ایک منٹ۔ کہا گیا کہ وہاں پر عصمتیں

لٹ رہی ہیں تو میں نے وہاں پر یہ seggestion دیا تھا کہ بھائی کیوں عصمتیں لٹاتے ہو اور خون خرابہ کرتے ہو، جب اتنا بڑا ہندوستان divide ہو سکتا ہے تو why not Kashmir یہ خون خرابہ بند کریں۔ بس میری یہی گزارش تھی۔

چوہدری شاہد اکرم بھنڈر (وزیر مملکت برائے انصاف و قانون و انسانی حقوق): Sir, I like to draw your attention کہ points of order پر کافی بات ہو گئی ہے، subject discuss کر رہے ہیں we should come on the agenda

Mr. Chairman: This was agreed in the morning with the Parliamentary leaders, Leader of the House is aware of it. So, we have been going through a pattern that was agreed upon. Mr. Raza Rabbani.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب! یہ ایک نہایت افسوس کی بات ہے کہ پچھلے چار سالوں سے موجودہ حکومت ایک مزدور کش اور مزدور دشمن پالیسی follow کرتی چلی آئی ہے اور اس نے down sizing اور right sizing کے نام پر پاکستان کی تاریخ میں سب سے بڑی retrenchment اس دور میں کی اور یہ تمام کی تمام retrenchment اور مزدور دشمن قوانین IMF اور World Bank کی conditionalities کو meet کرنے کے لئے اور basically اپنے اقتدار کو باہر کے ممالک اور بین الاقوامی سامراج سے منوانے کے لئے کئے گئے۔ جناب چیئرمین! افسوس کی بات یہ ہے کہ 26 اکتوبر 2002ء کو جبکہ نیشنل اسمبلی معرض وجود میں تھی، اس حکومت نے اپنا سب سے پہلا وار نیشنل اسمبلی پر 26 اکتوبر 2002ء کو کیا جبکہ نیشنل اسمبلی کی موجودگی کے دوران ایک ordinance نافذ کیا گیا جو I.R.O. 2002 ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ I.R.O. 2002 ایک کالا بلکہ کالا سیاہ قانون ہے اور وہ ایک ایسا قانون ہے جو پاکستان کے محنت کش مزدوروں کے تمام حقوق کو سلب کرتا ہے ۔ آئین میں دی ہوئی trade union activities پر پابندی عائد کرتا ہے اور سرمایہ دار کو favour کرتا ہے۔ شوکت عزیز حکومت کی جو پالیسی شروع دن سے اور اس بجٹ سے رہی ہے، وہ سرمایہ داروں کو favour کرنے کی پالیسی رہی ہے اور محنت کش اور مزدوروں کو crush کرنے کی پالیسی رہی ہے۔ کل

کی تاریخ میں جو کل گزر چکا ہے، پاکستان کے محنت کشوں نے پورے ملک میں احتجاج کیا کیونکہ سینیٹ کا سیشن کل نہیں تھا، لہذا محنت کشوں کے ساتھ Joint Opposition کی یہ commitment تھی کہ جب بھی سینیٹ کا پہلا سیشن ہوگا، ہم ان کے ساتھ solidarity کا اظہار کریں گے۔ میں ان کو اس بات کا اس ایوان کے floor پر یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ان کی جائز جدوجہد میں چاہے، وہ سڑکوں پر ہو، چاہے وہ ایوانوں میں ہو، وہ کہیں پر ہو، متحدہ اپوزیشن ان کے ساتھ ہے اور ہمیشہ ان کے ساتھ رہے گی۔

جناب چیئرمین: جناب محمد اکرم صاحب۔

سینیٹر محمد اکرم ولی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ ایک اہم معاملے کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ حال ہی میں سینکڑوں پاکستانیوں کو مسقط سے deport کیا جا رہا ہے اور ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کیا جا رہا ہے۔ انصار برنی ویلفیئر ٹرسٹ نے یہ بھی رپورٹ کی ہے کہ کئی پاکستانیوں کی لاشیں تک وہاں سے ملی ہیں اور ان کو پاکستان بھیجا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! یہ مسئلہ آپ کو یاد ہوگا کہ سینیٹ کے floor پر اٹھایا گیا تھا اور ہاؤس کو یہ assurance دی جاتی رہی ہے کہ اس کو دیکھا جا رہا ہے کہ ان غیر قانونی حرکتوں کے پیچھے وہ کون سے لوگ ملوث ہیں اور یہ بھی assurance دی گئی تھی کہ یہ اقدامات کئے جائیں گے۔ میں اس ہاؤس کے توسط سے ایک دفعہ پھر گورنمنٹ کے نوٹس میں لانا چاہ رہا ہوں کہ اس سلسلے میں جو agencies اور جو لوگ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث ہیں، ان کو سزا دی جائے اور وہ اقدامات کئے جائیں تاکہ اس قسم کی چیزوں کو روکا جا سکے اور اس کے ساتھ ساتھ ایک اور اہم مسئلہ کی طرف بھی آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہوں گا کہ اس سلسلے میں سلطنت عمان میں ہماری پاکستان کی جو ایمبیسی ہے، اس نے کوئی بھرپور کردار ادا نہیں کیا ہے۔ ہر ملک کے اندر یہ مثال موجود ہوتی ہے کہ دو چار لوگوں کے ساتھ بھی اگر ایسی بات ہوتی ہے تو وہاں کے سفارت خانے پوری طرح active ہوتے ہیں اور اپنے لوگوں کو protection فراہم کرتے ہیں لیکن ہمارے ہاں بات سینکڑوں تک پہنچ گئی ہے اور وہاں سے لوگ deport ہوتے چلے گئے ہیں اور اس بات کا کوئی نوٹس لینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ میں چاہوں گا کہ گورنمنٹ اس

کا سختی سے نوٹس لے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ آپ تشریف رکھیئے۔ بخاری صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ ختم کرتے ہیں اور اس کے بعد Bill کو table کرکے اجلاس ختم کر دیتے ہیں۔

سینیٹر سید سجاد حسین بخاری، جناب والا! میں نے ایک بات کرنی تھی کہ پری گل آغا صاحبہ نے ایک بات سب کو بتائی کہ یہ جو ایوان کے ممبران ہیں ' ان کی کوئی حیثیت نہیں رہی۔ یہ ہم گزشتہ دو برسوں سے ان سے کہہ رہے ہیں کہ اس بات پر توجہ کریں۔ آپ جو ہر بات کے اوپر surrender کر رہے ہیں ' اسی وجہ سے یہ عزت ختم ہوئی ہے۔ اگر آج بھی اس کی طرف توجہ کرلیں گے تو یہ عزت بحال ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: تشریف رکھیئے۔

We will go on to item No. 3 and then we will adjourn the House. Do you want to table the resolution.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اسے table کرکے اجلاس ختم کر دیں گے۔ ڈیڑھ بجے اجلاس ختم کر دیں گے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: نماز پڑھیں گے اور اس کے بعد اسے لیں گے۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے تمام اراکین کھڑے ہو گئے اور نماز ظہر کے وقفہ کے لئے مطالبہ کرنے لگے)

جناب چیئرمین: نماز کے لئے ابھی بڑا time ہے۔ میرا خیال ہے کہ table کرلیں اور اس کے بعد اجلاس ختم کر دیتے ہیں۔

(آوازیں۔ نماز۔ نماز)

*(The House was adjourned for Zohar Prayer)*

(نماز ظہر کے وقفہ کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین جناب محمد میاں سومرو
دوبارہ شروع ہوئی)

Mr. Chairman: Before we take up the business, Mr. Zahid Hamid has said that he wanted to just offer a point of personal correction.

Mr. Zahid Hamid: In reply to a supplementary question this morning regarding Question No. 1, I had mentioned that the project life of the project relating to the purchase of 8 Boeing Aircrafts was fifteen years. In fact that was a clerical error in my brief. The correct figure is twenty five. I apologise to the honourable Senator who asked the question. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Correct the record also. The point was here about the Umra Visas. We have took up the matter with the Saudi Embassy. The reason was that there was a large group, if it is so, immediately just as Senators or their immediate family members which is one or two dependents, they said may not be looted in the fast track. I would suggest that the Secretary Senate be contacted in this connection and we are trying to expedite to the extent possible.

*(Thumping of desks)*

And the Foreign Office will help in this matter. We must pray for their co-ord and their assistance also. Now, we take up item No.3.

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری: جناب والا! Point of Order.

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ اب آگے business کی طرف چلیں۔ Point

of Order رہنے دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : رضا صاحب ! آپ کی طرف آتا ہوں ۔ پہلے ظفر صاحب کی بات سن لوں۔

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری: جناب والا! ایک معزز رکن نے بہت شور کیا ہوا تھا کہ نماز کا وقفہ ہے اور نماز کے لئے ہمیں اجازت دی جائے تو ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے وضو ٹوٹا جا رہا ہے--

Mr. Chairman: Thank you.

آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر ظفر اقبال چوہدری: اور چاہ رہے تھے کہ اس سے پہلے نماز پڑھ لی جائے لیکن وہاں ہر کوئی صاحب موجود نہیں ۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: We should not take these matter. I think let us come to the business of the House. It is a personal matter.

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میں ان کی اطلاع کے لئے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ضروری نہیں ہوتا ہے کہ انسان مسجد میں جا کر نماز پڑھے اور بھی جگہ پر آپ جماعت کرا سکتے ہیں۔ یہاں Opposition کی جو لابی ہے وہاں باقاعدہ جماعت ہوئی ہے اور وہاں سب لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! .Point of Order

جناب چیئرمین : چلیں .. اب business کی طرف چلیں۔ جی رضا صاحب ! کیاPoint

?ہے of Order technical

Senator Mian Raza Rabbani : Yes sir, it is related to the business

Mr Chairman: Please be brief, so we come to the business of the House

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب چیئرمین ! میں اس بات کو سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کون سا طوفان آ رہا ہے کہ اس Bill کو اس عجلت میں پاس کرنے کی ضرورت ہے - جس طرح نیشنل اسمبلی میں اسے bulldoze کیا گیا، اس کی مثال پارلیمان کی تاریخ میں نہیں ملتی اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ دنیا کی پارلیمان کی تاریخ اٹھا لیں تو اس میں شاید ہی آپ کو نظر آئے کہ پارلیمان اتنی عجلت میں ہو کہ میرے دونوں ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور میں پھر بھی--

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ Bill کو آنے دیں۔ پھر جب discussion ہو گی، you can raise these points.

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! میں اس طرح آ رہا ہوں۔ میرا یہ Point of Order ہے---

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب والا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! Minister Sahib کو کہیں کہ وہ تشریف رکھیں اور آپ ان کو بٹھائیں۔ میں Point of Order پر بات کر رہا ہوں You have givenme the floor.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ سب تشریف رکھیں۔ آپ نے ایک لائحہ عمل agree کیا ہے۔ let us follow that. Bill should be tabled.

Senator Mian Raza Rabbani: I am on a Point of Order. If I am

relevant, you point me out.

Mr. Chairman: But keep it brief.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب والا! میں عرض کرتا ہوں۔۔

Mian Raza Rabbani: Please, ask him to sit down.

جناب چیئرمین : شیر افگن صاحب! آپ ایک منٹ تشریف رکھیں ۔ میں نے انہیں floor دیا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی : آپ انہیں کہیں کہ وہ بیٹھ جائیں۔

جناب چیئرمین : وہ بیٹھ جاتے ہیں لیکن آپ اپنا Point of Order مختصر کریں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! میرے Point of Order کا directly تعلق آپ سے ہے۔ آپ سے جب میں یہ بات کر رہا ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی وزیر کو جواب دینے کا حق نہیں ہے کیونکہ وہ directly آپ سے تعلق رکھتا ہے ۔ میں as a member of the Senate اپنے چیئرمین سے بات کر رہا ہوں لہذا وہ تحمل سے بیٹھیں ساری شام پڑی ہے دوپہر پڑی ہے۔ ابھی اتنے دن پڑے ہوئے ہیں ۔ Bill پاس ہو جائے گا۔ 31 دسمبر تک انہوں نے Bill کو پاس کروانا ہے۔ اتنی جلدی انہیں کس بات کی ہے۔ مجھے اس کی سمجھ نہیں آ رہی۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی خدمت میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وہ پارلیمان ہے جس نے سترہویں آئینی ترمیم کے تحت اپنی اس بات کا حق ختم کیا کہ Article 238 and 239 کے تحت وہ آئین کی ترمیم کر سکیں۔ اس نے کہا کہ ہم اپنا یہ حق ختم کرتے ہیں۔ ہم ایک executive power کے تحت آئین کے اندر ترمیم منظور کرنے کے لئے تیار ہیں۔ پھر یہ وہ پارلیمان ہے جس نے اپنے اوپر ایک un-elected body کو National Security Council کی صورت میں لا کر مسلط کیا اور کہا کہ جی ہم یہاں پہ ووٹ دینے کے لئے تیار بیٹھے ہیں۔ للہ آپ ہم سے ووٹ لیں تاکہ ہماری یہ responsibility جو ہے وہ ختم ہو۔ اب ایک ایسا قانون لایا جا رہا ہے جو آئین سے متصادم ہے

which is *ultra vires* of the Constitution. It is a law which is against the

scheme of the Constitution and when and if a debate is allowed on this. I will show to you, how this law is un-constitutional and *ultra vires* of the Constitution and yet this Parliament is in haste to have this Bill passed. It was bulldozed in the National Assembly but I expected a different set of traditions to be followed in the Senate. Mr. Chairman, sir the office that you are occupying has been an office which has always acted justly and fairly. It has acted by an application of its mind and when I thought that who is the Chairman today, who is the person who has come in and taken the place of Mr Wasim Sajjad then I thought that yes. it is Mr. Muhammadmian Soomro who has been a prudent Banker and he will look at t's whether they are crossed or he will look at i's whether they have been dotted or not but I was most taken a back sir. when yesterday the order of the day came late in the night as is usual with such army interventions that they come late at night. Late in the night, when the order of the day was delivered to us, I was but aghast to find that at item No.3. the first item for legislation before the Senate of Pakistan is the Bill which is *ultra vires* of the Constitution. A Bill which spells the death nail to democracy where no Parliament in the world.....

**Mr. Chairman:** Let it be tabled because the point of order is becoming too long.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, there is no parliament in the world who has said that the office of a civilian and the office in uniform can be combined together and now I come.... Sir, now I take you to the

Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 and I draw your attention Mr. Chairman, to Rule 110. 110 says that on the day on which the motion for consideration is laid down in the Orders of the Day, which is today, it has been set down on the Orders of the Day for consideration, which shall unless the Chairman otherwise directs, I lay emphasis on, "Unless the Chairman otherwise directs" and then goes on to say, "Be not less than two days from the receipt of the notice, the Minister or as the case may be, the member giving notice may move that the bill be taken into consideration."

Now sir, the two days notice is not there and if you have used your discretion which I concede to, which is there under 110 then it is the right of this House, it is my right as a member of this House, it is my right as a citizen of this House, it is my right as a member of the civil society of this House, when civil society is going to be murdered, when civil society is going to be crippled, it is my right to ask from you, from that exalted Chair sir, that what were the external circumstances, what were the forces that were acting upon you, that forced you to have an application of mind that the notice period be waived and that the bill be brought into consideration immediately. Sir, this is the question, this is the grave question which you have to answer. You are accountable to this House and moreover you are accountable to history because when history writes and when history sees as to who were the people who opposed the military take over or militarization of Pakistan Parliament. At that time your name should be written in the annuls of the history that yes, here was the

Chairman, here was the man who withstood pressure, who withstood the Army onslaught, who withstood the onslaught from the Presidency and who had rights to be correct, who upheld the banner of democracy. So, therefore sir, I ask from you as the member of this House to kindly clarify the position.

Mr. Chairman: Thank you. Let me assure you.....

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، میں چاہوں گا کہ 108 بھی آپ دیکھ لیں اور میں یہ جاننا چاہوں گا کہ کس دن یہ بل اسمبلی سے سینیٹ میں آیا ہے اور اسے سب کو circulate کر دیا گیا۔ اس لئے کہ مجھے یہ آرڈر Orders of the Day کے ساتھ ملا ہے۔ اس سے پہلے میں نے receive نہیں کیا۔

جناب چیئرمین، 108 کا میں آپ کو سیکرٹریٹ سے پوچھ دیتا ہوں باقی میں پہلے clear کر دوں 110 پر

that there is no pressure on me. This is for the first time that I have waived this in the interest of the working of the House. It is upto House to decide finally what they want. Let us go on with the business that we know needs to be done. So there is no pressure rest assure. There is no problem with that.

Senator Wasim Sajjad (Leader of the House) : Sir, with your permission....

*(Interruption)*

Mr. Chairman: I have used my discretion, whether the Bill is passed or rejected that is the will of the House. Whether it is passed or rejected ultimately that will be on the mood of the House. Right now it is not required, it is not required right now.

Senator Wasim Sajjad: Sir, this Bill was passed by the National Assembly on the 14th of October, 2004, transmitted to the Senate on the 15th of October, 2004, notice from the Minister was received on the 20th October, 2004 in the Senate Secretariat. Thereafter the Senate Secretariat circulated this notice on the 22nd of October to all the members and we all received this.

*(Interruption)*

Senator Wasim Sajjad: I am speaking from the record and therefore, sir, the notice, as required by the rules has been given, the members are aware of it. I would say it is a good thing that they have a point of view and the very purpose of having a debate on this Bill is that all points of view of the members of the both sides of the House come before this House and the people of Pakistan and therefore, the speech which my honourable Senator wishes to make at this stage, the appropriate stage would be when the Bill is before the House and the debate starts. Therefore, I think sir, without wasting any further time, the proper cause would be to proceed with the introduction of the Bill.

Mr. Chairman: Let us come to the introduction of the Bill.

سینیٹر میاں رضا ربانی Sir, ایک منٹ، sir, بات سنیں۔ یہاں پر وسیم صاحب نے جو بات کی ہے کہ the Bill was circulated. Sir, you have given me the floor, ask him to sit down.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین ، circulation کی بات چل رہی ہے۔ circulation جو نہیں

ملی ہے، ان کی تفصیل کیا ہے۔ آپ بات کر لیں۔

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** آپ اس کو بٹھائیں۔ آپ نے floor مجھے دیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** بات کر لیں۔ کہہ رہے ہیں کہ circulation نہیں ملی ہے ۔ ملی ہے let hear him out سن لیں کہ نہیں ملا۔

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** Sir. آپ نے floor مجھے دیا ہے، آپ اس کو بٹھائیں۔

**جناب چیئرمین:** نہیں ملا، آپ اس کو سن لیں۔ دو منٹ تشریف رکھیں۔

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** Sir, یہ Bill تو پہلے کی بات ہے، Bill introduce نہیں ہوا، Bill کے پہلے کی بات ہو رہی ہے۔ بات اس کو سمجھ ہی نہیں آ رہی تو میں کیا کروں۔

Mr. Chairman: Please, no personal comments, no presonal comments.

ڈاکٹر صاحب تشریف رکھیئے۔ اس کے بعد Bill move کراتے ہیں، آپ بیٹھیں۔ رضا صاحب I think, point has been raised. I had given my view. Now, let us move on with the business of the day

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** جناب چیئرمین! آپ بات سن لیں۔ وسیم سجاد صاحب نے یہ فرمایا اور مجھے ان کے لئے respect ہے، record بالکل ایسا ہی record ہو گا جیسے آج صبح آپ کے Secretariat نے پوری اس side کی Parliamentary Party کے Leaders کو آپ کی دعوت meeting کی نہیں پہنچائی تھی۔ یہ اسی طرح کا notice ہے جو 22 تاریخ کو circulate کیا گیا، 22 تاریخ کو record کے اندر ضرور ہو گا۔

**جناب چیئرمین:** اس کو check کر لیں گے، اگر اس میں کوئی ہے تو we will come back to the House اگر اس میں کوئی difference ہے from the record, we will come back. I think, we may take up item No.3

*(Interruption)*

## Presentation of the President to Hold Another Office Bill, 2004 and discussion thereon

**Dr. Sher Afghan Khan Niazi:** Mr. Chairman! I beg to move that the Bill to enable the President of Pakistan to hold another office[The President to Hold Another Office Bill, 2004], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

**Mr. Chairman:** It has been moved that the Bill to enable the President of Pakistan to hold another office[The President to Hold Another Office Bill, 2004], as passed by the National Assembly, be taken into consideration. Is it opposed? It is not opposed, I think, you are saying no.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! میری ایک گزارش ہو گی جیسا کہ یہ فرما رہے تھے کہ

National Assembly has passed which is the direct House which represents 15 crores of people, one thing. Secondly, if it is ultra vires of Constitution and Law, the proper forum...

*(Interruption)*

جناب چیئرمین، ایک منٹ سن لیں

please, let the Minister speak, let the Minister speak please. He has not said that, let the Minister speak, anything that is passed there and comes here, it does not mean that...

ذرا سن لیں۔ This is unfair آپ تشریف رکھیئے، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ بات کرتے رہیں، آپ سنتے رہیں۔ آپ توجہ دیں،

انہوں نے یہ کہا کہ یہاں پر

National Assembly is the real representative House, Lower House which represents 15 crores of our people and they have passed it in majority, if the Bill has been referred, passed and duly put before this House through a motion, thereby now it is ultra vires or intra vires is the job of the court, they should argue for it, for example I will give little introduction. This Bill contains and has been passed that the President of Pakistan can keep his office of Chief of Army Staff, the reason by it is . They will have to hear, if they are not going to hear.

Mr. Chairman: What word, which word.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ہم بھی ان کی بات نہیں سنیں گے۔ پھر یہ تقریر نہیں کر سکیں گے۔

Mr. Chairman: There is always commotion, sometimes you cannot even hear

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: They should not point to me. I will humbly submit to the honourable Chairman, they should not point out to me, they should address the Chair.

اب مجھے اس کا تھوڑا سا background دینا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: آپ تو کر لیں۔ بات کیا ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: بات سننی پڑے گی' یہ بات نہ بھی سنیں گے تو میں سناؤں گا اور سننی ہو گی' یہ میرا right ہے۔

جناب چیئرمین: وسیم صاحب what is the issue کس پر ہے یہ اعتراض۔ وسیم صاحب کو سن لیں۔ جی وسیم صاحب۔

Senator Wasim Sajjad: Sir, now that the bill has been moved. Explaining what the bill is and then the honourable members can respond.

(مداخلت)

سینیٹر وسیم سجاد، تو پھر move کریں۔

Senator Mian Raza Rabbani: That The derogatory remarks that he has insinuated towards the Senate they can not be taken light, either ask him to withdraw those words or you expunge his remarks.

Mr. Chairman: What was the derogatory word.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman please you ask him to withdraw otherwise we will move a privilege motion against him.

Mr. Chairman: What was the derogatory....

Senator Mian Raza Rabbani: He has used derogatory words against the Senate. He has insinuated that this is the House which is lower than the National Assembly and we are not ready to accept that, we are not ready to accept that. We move under Rule 61, we want to move a privilege motion against him, either he withdraws those remarks before we move a privilege motion.

Mr. Chairman: I think we are going on for a tangent let us continue with the speeches.

Senator Mian Raza Rabbani: Please expunge those remarks Otherwise we will move a privilege motion.

Mr. Chairman: What remaks.

*(Interruption)*

سینیٹر میاں رضا ربانی: آپ ریکارڈ منگوائیں اتنی دیر کے لئے House adjourned کریں۔

This is not going to happen.

(مداخلت)

سینیٹر وسیم سجاد: جناب میرے خیال میں motion move کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جی انہوں نے یہ کہا تھا کہ وہ direct House ہے ان کا مطلب یہ تھا کہ directly elected house ہے اس میں کیا کوئی غلط بات ہے وہ صحیح کہہ رہے ہیں۔

Senator Mian Raza Rabbani: No. he is trying to show that the Senate is lower in esteem.

Mr. Chairman: No. the Senate is known as the upper house.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! آپ مجھے ایک منٹ موقع دیں۔

جناب چیئرمین: خورشید صاحب! کو ایک منٹ سن لیں۔ ڈاکٹر صاحب تشریف رکھیں۔ جی خورشید صاحب۔ دیکھیں ہر کوئی شور مچانے گا تو ایسا تو نہیں ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! بہت شکریہ آپ کا۔ آپ کو پتا ہے کہ میں کوئی جذباتی بات نہیں کیا کرتا۔ محترم وزیر صاحب نے جو کہا ہے وہ فی الحقیقت objectionable ہے۔

جناب چیئرمین: کیا کہا ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میں عرض کرتا ہوں۔ پہلی چیز تو یہ ہے کہ دونوں houses کو جمہوریت کی روح کے اعتبار سے compare کرنا یہ کہہ کر کے کہ National Assembly direct house ہے جو پندرہ کروڑ افراد کو represent کرتی ہے گویا کہ سینیٹ جو ہے وہ represent نہیں کرتا۔ سینیٹ represent کرتا ہے اسی طرح۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، ان کا کہنے کا مطلب یہ نہیں ۔ نیشنل اسمبلی پندرہ کروڑ عوام کو directly represent کرتی ہے یہ ایوان پندرہ کروڑ عوام کو indirectly represent کرتا ہے ۔

(مداخلت)

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، اگر یہ بات کی ہوتی تو اعتراض نہ ہوتا ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، ایسی تو کوئی بات نہیں ہے ۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جو الفاظ استعمال کئے وہ غلط ہیں ۔

(مداخلت)

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، وضاحت میں کر دیتا ہوں ۔

*(Interruption and voices of No, No. from the Opposition)*

Mr. Chairman: No cross talk. Please let us maintain the decorum of the House.

سینیٹر میاں رضا ربانی، سیکشن افسر بیمار نہیں ہے ۔

Mr. Chairman: Please, please, no direct remarks. Wasim Sajjad.

Senator Wasim Sajjad: Sir, I believe Mr. Raza Rabbani has moved that the Bill be referred to Standing Committee.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب+[xxxxx] کو بٹھائیں he is standing

Mr. Chairman: No personal remarks. These should be expunged from the record. Please no direct remarks.

*(Interruption)*

---

\+ [xxxx words expunged by the orders of Mr. Chairman]

جناب چیئرمین، آپ سب کھڑے ہیں۔ وسیم سجاد صاحب کو ذرا سن لیں۔

Senator Wasim Sajjad: Sir, the honourable Senators have moved certain amendments to this motion.

میری اطلاع کے مطابق یہ جو motion move ہوا ہے ۔ اس کی amendment کی صورت میں motions move ہوئے ہیں ۔ ایک motion شاید میاں رضا ربانی صاحب کا ہے کہ standing committee کو refer کیا جائے۔ غالباً پروفیسر خورشید احمد صاحب کا ہے کہ Council of Islamic Ideology میں بھیج دیا جائے تو میرے خیال میں مناسب یہ ہوگا کہ ---

جناب چیئرمین ، ایک ہے public opinion کا' ایک ہے standing committee کا اور تیسرا ہے اسلامی نظریاتی کونسل کا، تین ہیں۔

سینیٹر وسیم سجاد ، تینوں motions جو ہیں they should move them and we proceed with the matter.

Mr. Chairman: Prof. Khurshid Sahib, would you like to move your motion.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب والا! یہ تینوں motions move ہوں گے لیکن پہلے آج جو issue create کیا گیا ہے اس کو تو آپ settle کریں۔

جناب چیئرمین، کوئی issue نہیں ہے ۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب issue ہے ۔انہوں نے کہا ہے ' میں کہہ رہا ہوں' آپ کو یہ پوری سائیڈ کہہ رہی ہے۔

جناب چیئرمین، اس طرف بھی ممبر بیٹھے ہیں' لیڈر آف دی ہاؤسب ھی کہہ رہے ہیں

and he is also member of the House. He is Leader of the House. He will also be affected by any comment on the House.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, there is no quarrel with the

Leader of the House.

**Mr. Chairman:** He has said that there are derogatory remarks.

**Senator Mian Raza Rabbani:** The Minister has insulted the House. Either he should withdraw the remarks or you expunge those remarks from the record, otherwise we are sorry.

Mr. Chairman: Which are the remarks,

لیڈر آف دی ہاؤس مجھے بتائیں کیا expunge کرنا ہے یا کوئی consensus تو آئے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی . Sir, insult کرنے کے بعد------

جناب چیئرمین، شیر افگن صاحب کچھ کہہ رہے ہیں ، سن لیں، ہوسکتا ہے اسی میں وضاحت ہو جائے۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب! وضاحت میں اور ہی بیڑہ غرق کر دے گا۔وہ خاموش رہیں تو بہتر ہے۔

جناب چیئرمین: انہیں سن تو لیں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب والا! آپ نے expunge کر دیا ہے تو بات ختم ہوگئی۔

جناب چیئرمین، خورشید صاحب، ربانی صاحب، یہ جو تین motions ہیں why don't you move that.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی ، جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ جب آپ Acting President تھے تو ہمارے معزز اراکین نے یہاں پر ایک بڑی خوبصورت بات کی۔ اس وقت میں نے اعتراض نہیں کیا کہ یہاں پر ایسے نہیں چلے گا۔ یہ کوئی قومی اسمبلی ہے؟ میں نے کبھی کسی سے نہیں کہا otherwise I would have conveyed to my august House, I was a member. I didn't object to it. اب اس میں بھی ان میں برداشت ہونی چاہیے۔

Mr. Chairman: I think, let us move on with the business, what do you want to do.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Raza Rabbani, please sit down. Please bear me out. Let us expunge all that threats ---

وغیرہ کچھ نہیں ہوں گی ۔ I will examine the record, if there is anything derogatory, it will be expunged. If there is anything derogatory, I will

expunge میں آپ کو کہہ رہا ہوں ۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب والا! ڈاکٹر صاحب نے threat کیا ہے ، آپ کے سامنے threat کیا ہے ۔

Mr. Chairman: He says

کہ میں نے threat نہیں کیا۔

Senator Wasim Sajjad: After the observation of the Chair, I think the controversy should end. The honourable Chairman has said that I will examine the record.

Mr. Chairman: I have said that I will examine the record, if there is anything derogatory that will be expunged.

Senator Wasim Sajjad: So sir, I think that should settle the controversy.

Mr. Chairman: Prof. Khurshid Ahmad, Please move your motion.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب Bill تو ابھی move ہی نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین، Bill move ہو گیا ہے آپ اس وقت شور مچا رہے تھے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں اور میرے دس ساتھی یہ motion move کر رہے ہیں کہ

We hereby move under Rule 90 of the Rules of Procedure and Conduct of Business 1988 Senate that the Bill to Enable The President Of Pakistan To Hold Another Office Act 2004 be referred to the Council of Islamic Ideology for eliciting the opinion whether this will be repugnant to the teachings of Islam.

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: I oppose it.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب! میں صرف ایک عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے یہ خیال تھا کہ شاید یہ fault اسمبلی سیکرٹریٹ کا ہے کہ یہ motion ہمیں circulate نہیں ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ motion ابھی ملی ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ آئندہ سے ذرا نوٹس پہلے دے دیا جائے تاکہ ہم اس کو دیکھ لیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب! اس Bill کا باقاعدہ نوٹس دیا ہوا ہے اور ہمارے Leader of the House نے بھی یہ کہا ہے۔ جناب والا! 21 اکتوبر کو اس کا نوٹس دیا گیا ہے۔ جناب چیئرمین! ہمارے پاس اس کا record ہے۔ انہوں نے motion move نہیں کی، اب ان کو move کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو consider کرنا ہی contravention of rules ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب والا! یہ circulate نہیں ہوا۔ کیا یہ honourable members جھوٹ بول رہے ہیں؟ یہ صحیح بول رہا ہے۔ ایک کو بھی نوٹس نہیں ملا ہے۔ جناب! اس کو بھی consider کرنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب آپ نے بولنا ہے یا نہیں otherwise I will put it to the House.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب! میں تو بولنا چاہ رہا ہوں لیکن----

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید صاحب کو سن لیں۔ یہ motion moved ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: آپ نے مجھے floor دیا ہے اور شیر افگن صاحب اس میں intervene کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: ہر کوئی اپنی مرضی سے floor لے رہا ہے' انہوں نے بھی ایسے کر دیا ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میں اپنی پوری ذمہ داری سے یہ بات کر رہا ہوں کہ یہ Bill میرے پاس اور Opposition سے متعلق وہ افراد جن سے میں نے check کیا ہے' ہم تک نہیں پہنچا۔ میں آپ سے ادب سے درخواست کروں گا کہ آپ یہ بات check کریں کہ ایسا کیوں ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: جی کروں گا۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: رات کے بارہ بارہ بجے بھی آپ کی طرف سے چٹھیں ملتی ہیں اور ہم ان کو دیکھتے ہیں۔ میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں کہ جو چیزیں آئیں ان کو نہ دیکھوں۔ میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ ہمیں یہ نہیں پہنچا اور اگر صرف یہ Government Party کے لوگوں کو بھیجا گیا ہے اور باقیوں کو نہیں بھیجا گیا تو .it is a serious offence serious discrimination.

Mr. Chairman: I will look into it.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: دوسری بات' میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ اس کو آپ Islamic Idealogy Council میں بھیجیں' اس لیے کہ اس ملک کا دستور یہ کہتا ہے کہ کوئی قانون قرآن و سنت کے خلاف' کوئی بھی ادارہ پاس نہیں کر سکتا۔ اسی لیے Islamic Idealogy Council ایک constitutional body ہے تاکہ وہ اس چیز کو review کرے اور اس سلسلے میں قواعد میں یہ بات بھی رکھی گئی ہے کہ یہ اتنا اہم مسئلہ ہے کہ اس کے لیے simple majority کی بھی ضرورت نہیں ہے بلکہ 2/5th کے basis پر بھی یہ motion منظور کی جا سکتی ہے۔ یہ اس کی اہمیت ہے۔ اس بناء پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور میری

نگاہ میں یہ ہمارے عقیدے' ہمارے ایمان اور رمضان کے مبارک مہینے میں مل رہے ہیں' اس لیے میں پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ Bill اسلام کے بنیادی اصولوں کو violate کرتا ہے اور اس بناء پر اسے لازماً اسلامی نظریاتی کونسل میں بھیجا تاکہ ہم ان کی رائے معلوم کر سکیں۔ پہلی چیز یہ ہے کہ تقسیم اختیارات اور یہ اصول کہ فوجی حکمران' فوجی سربراہ' سول سربراہ کے ماتحت ہے۔ یہ اسلام کا ایک بنیادی اصول ہے۔ اس کی بہت سی مثالیں ہیں۔ آپ کوئی بھی اہم قانون کی کتاب پڑھ کر دیکھ لیں' آپ کو یہ ملے گا کہ لشکر کا سالار جو ہے وہ خلیفہ اور امیر المومنین کے تابع ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ دو الگ الگ offices ہیں' ان کو ایک جگہ جمع نہیں کیا جا سکتا۔ جس وقت سے standing army اسلام میں بنی اور یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں قائم ہوئی' اس وقت سے لے کر یہ متفق علیہ اصول رہا ہے کہ لشکر کا سالار امیر المومنین کے تابع ہوتا ہے۔ وہ امیر المومنین نہیں ہوسکتا اور ان دونوں کو ایک ساتھ جمع نہیں کیا جاسکتا۔

یہاں میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ خود جنرل پرویز صاحب نے ابھی چند مہینے پہلے اسی اسلام آباد میں مشائخ اور علماء کی ایک کانفرنس سے خطاب کیا تھا' میرے پاس reference اس وقت نہیں ہے لیکن کوئی بھی اس کو اٹھا کر دیکھ لے۔ میرے پاس text موجود ہے اس تقریر کا' اس میں انہوں نے یہ بات کہی ہے کہ خلیفۃ المسلمین نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالی عنہ جیسے جری سالار کو جو کمانڈر تھے فورسز کے' عین اس وقت جب کہ لڑائی ہو رہی تھی انہیں ہٹا دیا اور کمانڈر نے سر تسلیم خم کر لیا امیر المومنین کے حکم کے مطابق۔ معلوم ہوا کہ سالار ماتحت ہے امیر المومنین کا اور بیک وقت یہ دونوں جمع نہیں کیے جاسکتے۔ تو پہلی دلیل میری یہ ہے کہ جو ہماری فقہ کا' ہماری political thought کا مسلمہ اصول ہے اور جس کی یہ نمایاں مثال خود پرویز صاحب نے ایک پبلک موقع پر دی ہے' صاف صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ Bill اس اصول سے متصادم ہے۔

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں جناب والا! کہ جنرل پرویز مشرف صاحب نے' حکومت کی پارٹی نے' پارلیمنٹ کی کم از کم دو تہائی اکثریت نے' ٹھیک ہے میرے کچھ ساتھی اس میں شریک نہیں تھے' میں انہیں credit دیتا ہوں اس بات کا' یہ اصول طے کیا تھا 17 ویں

ترمیم کے تحت کہ اس ترمیم کا جوہر اور مرکزی issue یہ ہے کہ فوج کی مداخلت کے لیے cut off dateمقرر کی جائے۔ نتیجتاً Article 41, Clause 7 میں ترمیم کی گئی اور اس ترمیم کے تحت ایک cut off date دی گئی اور اس date کی روشنی میں جنرل صاحب نے ٹی وی پر آ کر پوری قوم اور پوری دنیا سے عہد کیا' یہ وعدہ کیا کہ میں اس معاملے میں دو رائے رکھتا تھا' میں نے اس پر بہت غور کیا ہے' اس میں جو ساری باتیں ہوئیں' stability اور یہ اور وہ' ان سب پر میں نے غور کیا ہے' میرے ساتھیوں نے مجھے اس کے برعکس مشورہ دیا لیکن now I have decided. اب میں نے یہ بات طے کر لی ہے کہ میں 31 دسمبر 2004ء تک اس عہدے کو چھوڑ دوں گا البتہ یہ اختیار میں رکھتا ہوں کہ اس سے پہلے کس تاریخ پر میں اس عہدے سے فارغ ہوں۔

جناب والا! میں آپ کو invite کروں گا کہ دستور کی شق 62 آپ نکال کر دیکھیں' اس میں جو conditions ہیں ایک Member of Parliament کی' ان میں یہ بھی ہے کہ وہ امین ہوگا اور جو شخص عہد کر کے عہد توڑے وہ امین نہیں رہتا اور امین نہ رہ کر وہ disqualify ہو جاتا ہے اس position سے۔ تو دوسری دلیل میری یہ ہے کہ دستور کی 62 provision کو انہوں نے violate کیا ہے۔ اس کی دو شقیں ہیں اور دونوں میں یہ چیز آتی ہے اور اس کے نتیجے کے طور پر یہ injunctions of Islam سے متصادم ہے اور اس کو جاننے کا اور تحقیق کرنے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ ہم اس Bill کو یہاں discuss کرنے کی بجائے پہلے Islamic Ideology Council کو بھیجیں' ان سے clearance لیں اور اگر وہ اس کی clearance دیتے ہیں تب اس پر غور کیا جائے ورنہ نہیں۔ اس بناء پر میں move کرتا ہوں کہ اس Bill کو Islamic Ideology Council میں بھیجا جائے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! پروفیسر صاحب نے جو یہ تحریک پیش کی ہے' ان کے خیال کے مطابق یہ Bill اسلامی نظریات کی نفی کرتا ہے اور اس کے مخالف ہے' میں نے جو مطالعہ اسلامی تاریخ کا کیا ہے' کوئی ایسا اصول نہیں ہے کہ اگر ملک کی ضروریات ایسی ہوں ملک کے حالات ایسے ہوں تو سربراہ مملکت۔۔۔۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No interruption please, no interruption please.

سینیٹر وسیم سجاد، اس وقت یہ دلیل پیش کرنا، اس کی تفصیل میں میں اس لیے نہیں جانا چاہتا کیونکہ جب اس Bill پر تفصیلی بحث ہوگی تو دونوں اطراف سے اس پر اپنا اپنا موقف پیش کیا جائے گا۔ اس وقت میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ اس Motion کے حق میں کم از کم 40 ممبران کا ووٹ آنا لازمی ہے۔ اگر 40 ممبران کے پاس ہیں تو اس پر غور کیا جاسکتا ہے، نہیں تو جناب voting کرالیں تاکہ اس motion کا فیصلہ ہو جائے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، ابھی معزز رکن نے ایک اچھا point پیش کیا تھا، عالم دین بھی ہیں کہ لشکر کا سالار اور امیر المومنین ان کے نزدیک ایک نہیں ہو سکتا۔ میں صرف پوچھنا چاہتا ہوں کہ جناب امیر المومنین جنرل ضیاالحق کے زمانے میں جب یہ وہاں وزارتیں لے کر بیٹھے ہوئے تھے، کیا اس وقت ان کے علم میں یہ بات نہیں تھی کہ جب امیر المومنین بھی وہی تھا، لشکر کا سردار بھی وہی تھا، فیصلے کرنے والا بھی وہی تھا، Sir آج وردی کی بات ہو رہی ہے، جب آج وردی کی بات ہو رہی ہے تو ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہم وردی کے ساتھ ہیں Unworthy کے ساتھ نہیں ہیں۔ آپ worthy اور unworthy کا بھی فیصلہ کرلیں کہ unworthy کون ہیں اور وردی والے کون ہیں۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے، تشریف رکھیئے۔ وسیم صاحب اور ان کے رفقاء کا جو point ہے

Under Rule 90, the motion needs support of the two fifth of the House which is 40 members. I would, therefore, ask those members in support of the motion to please rise in their seats and let them be counted.

گنتی کیجئے جی۔

The count is 31. So, the necessary support is not there. Therefore, the motion is rejected. Would you like to move the other motions?

Senator Sanaullah Baloch: It is moved that the President To

Hold Another Office Bill 2004 be circulated to elicit public opinion by 31st December, 2004.

Mr. Chairman: In this case also Government .....

وسیم صاحب؟

Senator Wasim Sajjad: Sir, it is opposed.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، میں جناب explain کرلوں۔

Mr. Chairman: Let him explain.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، شکریہ جناب چیئرمین! Sir, یہ جو ہمارے Rule 88(d) کے تحت یہ ہمارے فرائض میں شامل ہو جاتا ہے کہ ہم ایک طرف تو پورے پاکستان کی فیڈریشن کی نمائندگی کر رہے ہیں لیکن ان دو ایوانوں میں جو تشریف نہیں رکھتے، جو لوگ، جو حضرات، جو مرد، جو خواتین، جو مزدور، جو طلباء، جو محنت کش، جو دہقان، جو غریب غرباء، جو ننگے پاؤں اور برہنہ سر اس ملک میں زندگی گزار رہے ہیں، یہ ہمارے فرائض میں شامل ہوتا ہے کہ پاکستان کی کسی بھی اہم پالیسی میں، کسی بھی قانون سازی کے عمل میں ان کی رائے کا بھی اس میں شامل ہونا ضروری ہے لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے جناب والا! کہ ہم پاکستان کے اندر اتنے بڑے اہم فیصلے کرنے جا رہے ہیں اورخصوصاً ایک ایسا فیصلہ جو بیک وقت contradict کرتا ہے۔ جو آئین کے کم ازکم بائیس articles کے ساتھ، اس دستاویز کے کم از کم بائیس articles کے ساتھ contradict کرنے والے، اس کے ساتھ متصادم فیصلے کے لیے اگر ہم پاکستان کے عوام سے پوچھنا نہیں چاہیں گے، اگر ہم ان کی رائے اس میں شامل نہیں کریں گے تو میرے خیال میں جناب والا! یہ آئین کی سب سے بڑی خلاف ورزی ہوگی۔ ہم نے کئی دفعہ کہا ہے کہ آئین کا Article 6 اس بات کی کسی کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ ہر دوسرے دن اٹھ کر آئین کی خلاف ورزی کرے۔ بدعہدیوں اور بے وفائیوں کی ایک تاریخ ان ایوانوں میں رچی بسی ہوئی ہے لیکن کم ازکم پاکستان کے وہ مردہ حال لوگ جن کے پاکستانی حکمرانوں کے ہاتھوں آج غربت کی شرح ستر فیصد تک پہنچ گئی ہے اور پاکستان کے لوگ پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں۔ آج پاکستان

میں لوگ اچھی زندگی گزارنے سے محروم ہیں۔ آج پاکستان کے شہری بیرون دنیا میں اچھی نظر سے نہیں دیکھے جاتے۔ آج ہمارا ہمسایہ افغانستان تباہ حالی کے باوجود ایک جمہوری صدر رکھتا ہے، ایک بغیر وردی کے صدر کے ساتھ چل سکتا ہے تو پاکستان کیوں ایک جمہوری اورمنتخب صدر کے ساتھ نہیں چل سکتا۔ پندرہ کروڑ عوام کا بوجھ ایک شخص کیوں اپنے کندھے پر اٹھا کے لے جانا چاہتا ہے۔

جناب والا! ہمیں اتنا بے دست و پا نہ سمجھا جائے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے سینیٹ کی ذمہ داری بنتی ہے Under Rule 88(d) یہ آپ کے فرائض میں شامل ہے کہ آپ پاکستان کے گلی کوچوں میں اس بل کو circulate کریں۔ پاکستان کے سارے علاقوں میں اور ہمارے خیموں میں جاکر بھیج دیں کہ کیا پاکستان کی یہ سیاسی ہیئت اور پاکستان کا political structure یہ برداشت کر سکتا ہے کہ پاکستان کے دو اہم عہدے ایک ہی شخص اپنے پاس رکھے۔ جہاں پر پاکستان کی دفاع اور سالمیت، جہاں پر پاکستان کی تمام سیاست، جہاں پر پاکستان کی تمام وفاقیت اور جہاں پر پاکستان کی تمام معیشت اس شخص کے control میں رہے گا۔

جناب چیئرمین! ہم یہ سمجھتے ہیں اگر ہم تاریخی طور پر یہ غلطی کر تے ہیں، اگر تاریخی طور پر یہ غلطی دوبارہ دہرا رہے ہیں تو ہم اس وفاقیت کو تباہی اور بربادی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ President صاحب بڑے پرجوش اور اعتماد میں کہتے ہیں کہ مجھے پاکستان 98% عوام کے حمایت حاصل ہے۔ تو میں جناب والا گزارش کرتا ہوں کہ آئیں! دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کرکے دیکھ لیتے ہیں۔ خدا کی قسم پاکستان کے 88 لوگوں کی حمایت بھی آپ کو نہیں ہے۔ آج پاکستان کے عوام حقیقی وفاقیت چاہتے ہیں۔ آج پاکستان کے عوام حقیقی جمہوریت چاہتے ہیں۔ آج پاکستان کے عوام اپنے ہی گلی کوچوں سے منتخب نمائندوں کے پاس حق حکمرانی اور حق ملکیت دیکھنا چاہتے ہیں۔ اگر پاکستان کے عوام کو یہ حق بھی ہم نہیں دے سکتے تو جناب والا میرے خیال میں اس جرم میں ہم سب شامل اور شریک ہوں گے۔ اس طرح کے کئی دور گزرتے جائیں گے اور پاکستان نہ سیاسی استحکام حاصل کر پائے گا، نہ پاکستان جمہوری استحکام حاصل کر پائے گا اور نہ پاکستان معاشی استحکام حاصل کر پائے گا۔ جناب والا! پاکستان کو عالمی سطح پر اس کے وقار اور عزت میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ لہذا یہ بل ہماری تضحیک کا اور ہماری توقیر میں کمی کا باعث

ہے۔ اس لئے اس بل کو عوامی رائے کے لئے مشتہر کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی پروفیسر صاحب مختصر رکھیں۔

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میں بھی اس بل کا اپنے دوسرے تمام ساتھیوں کے ساتھ mover ہوں۔ ہم میں سے ہر ایک نہیں بولے گا لیکن جو نکتہ میرے بھائی ثناء نے کہا ہے وہ بڑا اہم ہے میں اس کی پوری تائید کرتا ہوں لیکن اس کے ساتھ ساتھ دو باتیں اور کہنا چاہتا ہوں۔ پہلی چیز یہ ہے کہ یہ بل 31 دسمبر 2004 کے بعد operational ہو رہا ہے۔ گو ہماری نگاہ میں یہ ایک illegal چیز ہوگی لیکن ہمارے پاس یہ وقت ہے۔ کوئی جلدی نہیں ہے کہ ہم اس کو لازماً آج ہی پاس کریں۔ اس لئے ضروری ہے ہماری نگاہ میں کہ وقت ہے ہمارے پاس کہ یہ بل ہم عوام کو refer کریں اور ان کی رائے لیں۔ چونکہ جنرل صاحب نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ 96% عوام ان کی نگاہ میں انہیں support کرتی ہے۔ تو ہم ان کو آئینہ دکھانا چاہتے ہیں کہ محض آپ کی دعووں پر کوئی بات نہیں چلے گی۔ حقیقت کو معلوم کیجئے۔

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس اثناء میں صرف ایک ہی سروے ہوا ہے اور وہ سروے ہوا ہے Pattern Development Organization کی طرف سے۔ جس میں ۱۵ ستمبر سے ۲۰ ستمبر تک 1258 سروے ہیں۔ یہ اسلام آباد کے آس پاس کا علاقہ ہے۔ صرف 11 districts ہیں۔ اس کی رو سے جو results آئے ہیں وہ یہ ہیں۔

(مداخلت)

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد:** میں بتانا چاہتا ہوں کہ اٹک، راولپنڈی، گوجرانوالہ، فیصل آباد، سرگودھا، جھنگ، لاہور، خانیوال، ملتان، مظفر آباد اور DG Khan یہاں یہ سروے ہوا ہے۔

54% male, 46% female, 44% of the respondents belong to urban areas, 55. 9% to rural and semi- urban areas.

تو اس کے results یہ ہیں کہ

46. 4% of the respondents wanted General Musharraf to retire in December 2004 while 37. 9% said that he should retain the double offices of

President and the Army.

یعنی overwhelming majority نے جو ایک ہی سروے ہوا ہے اس میں یہ بات بتا دی ہے کہ انہیں یہ position جاری نہیں رکھنی چاہیئے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد اور بھی ضروری ہوگیا ہے کہ محض اندازوں پر نہیں بلکہ حقائق پر اور properly اس کو circulate کیجیئے، public opinion لیجیئے تاکہ پارلیمنٹ نے جو بھی رائے قائم کرنی ہے وہ well informed رائے قائم کرے محض conjuncture پر نہ ہو۔ نہ میری بات چلے اور نہ مشرف صاحب کی چلے۔ آئیے عوام سے رائے لیں۔ عوام کو اگر آپ مانتے ہیں کہ وہ اصل guide of reference ہے۔ تو ان سے بھاگنا کسی جمہوری پارٹی کا اور کسی جمہوری گروپ کا جواز نہیں بنتا۔ میں اپیل کروں گا سرکاری benches کے لوگوں سے بھی کہ وہ اپنے مفاد کے سطح سے بلند ہو کر یہ دیکھیں کہ لوگ کیا چاہتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ایک ہی طریقہ ہے کہ refer it to the people. ہم بھی بات کرتے ہیں وہ بھی کرتے ہیں لیکن public کو direct کرنا اور اسی لئے یہ provision ہے کہ direct opinion لی جائے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! اس قسم کے motion پر لمبی debates نہیں ہوتیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! ہم نے آپس میں ایک pattern بنایا ہے، بولنے دیں۔

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: I may inform you sir that's clear cut written in rule 91.....

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب آپ ہاؤس چلالیں یا ہم چلائیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: Rule 91 میں یہ clear cut ہے کہ Minister can move such a motion, none else, any member across the benches can not move such a motion.

(مداخلت)

سینیٹر وسیم سجاد، جناب میں صرف یہ کہوں گا یعنی

to come to technicalities what I would submit sir is that this Bill has been transmitted to the Senate by the National Assembly and the rules which are contained from 108 onwards, these are applicable and under these Rules the motion of the nature which has been moved by honourable Member is not maintainable. In any case, I will not object it on technical grounds, what I am saying let them move it.

جناب چیئرمین ، آپ statement کر لیں ، let's not waste time on thing that is agreed upon.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, the point is, I am very grateful for the grave generosity which has been shown by the honourable Leader of the House, but we are not here accepting doze of charity. I would like to make it very clear, if they want to argue this matter out on the basis of the rules, let us agrue it out on the basis of the rules. I am ready. I take you, he said that the rules governing Bills Transmitted.

*(Interruption)*

Senator Mian Raza Rabbani: No, no but it is not charity, it is not by way of charity. Rule 112 is clear. Rule 112 says," on a day on which the Bill as a result of any of the motions under Rule 88 or on completion of action under Rule 111 is fixed." So, any of the motion under Rule 88 and this is Rule 88(2)(a). So, this is no charity which the Treasury Benches is giving us. I want to make that very clear and had it only been

from Mr. Wasim Sajjad side. I may have accepted it.

Mr. Chairman: Bill shall not be discussed further that is necessary.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, if I am irrelevent then you can tell me and if I repeat any of the points that the honourable Senator from Balochistan raised or the honourable Senator from NWFP raised, if I repeat any of those points you tell me to sit down and I will not take the floor.

جناب چیئرمین: جی فرمائیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کی توجہ اس طرف دلواتا ہوں کہ یہ کیوں ضروری ہے بلکہ ناگزیر ہے کہ اس Bill کو public opinion کے لئے illicit کیا جائے، بھیجا جائے اور وہ یہ ہے کہ جناب آپ ہاؤس میں order کرلیں۔

جناب چیئرمین: order ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: The honourable Minister is grumbling away in a loud voice. If he wants to grumble and becomes grumpy, then I can do nothing about it.

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں ایسی کوئی بات نہیں آپ بولیں - but keep it brief please

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! یہ سینیٹ وفاق پاکستان کو represent کرتی ہے اور جب ہم وفاق پاکستان کو represent کرتے ہیں تو یہ ہم پر ایک بہت heavy responsibility آتی ہے کہ ہم وہ تمام اقدامات اور وہ تمام ایسے قوانین جو وفاق پر ایک کاری ضرب لگائے اس کی ہم سختی سے جانچ پڑتال کریں اور نہ صرف جانچ پڑتال کریں بلکہ جس حد تک ممکن ہو انہیں روکیں اور اگر اس روکنے میں ہمیں across the party divide بھی جانا پڑے

تو وفاق پاکستان سے بڑی کوئی سیاسی جماعت یا کوئی شخصیت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! جہاں پر اور بہت سے issues نے وفاق پاکستان کو ایک سیدھی divide میں کر دیا ہے، اسی طرح اس وردی کے issue نے وفاق پاکستان میں دراڑیں ڈال دی ہیں۔ دو صوبائی اسمبلیاں، ایک صوبائی اسمبلی پنجاب کی اور دوسری صوبائی اسمبلی سندھ کی جس میں اپوزیشن نے شرکت نہیں کی۔ دو صوبائی اسمبلیوں نے وردی کے حق میں ووٹ دیا ہے اور دو صوبائی اسمبلیوں نے اس کے خلاف ووٹ دیا ہے۔ پختون خواہ کی اسمبلی نے اس کے خلاف resolution پاس کیا۔ بلوچستان اسمبلی میں وزیر صاحب نے resolution پیش کرکے withdraw کیا کیونکہ وہاں پر ان کی strength نہیں تھی۔

The question of uniform has divided the Federation right down the line. There is a division between the Provinces and Federation. Therefore sir, it is essential

کہ جب وفاق کی دونوں اکائیاں یہ کہہ رہی ہیں کہ ہمیں وردی acceptable نہیں ہے۔ تو اس کا فیصلہ کون کرے گا۔

جناب چیئرمین! بات کی جاتی ہے کہ National Assembly direct vote سے elect ہو کر آئی ہے اور وہاں پر majority کے ووٹ کے ذریعے اس Bill کو پاس کیا گیا ہے۔لہذا پارلیمان اور democracy کی نفی ہو تی ہے اگر آپ اس Bill کی حمایت نہیں کرتے ہیں۔ جناب والا! اگر آپ حقائق دیکھنا چاہتے ہیں اور کل جب میری تقریر ہوگی تو میں آپ کے سامنے رکھوں گا کیونکہ یہ ہمارے records نہیں ہیں بلکہ یہ ان کے Election Commission کے دھاندلی والے الیکشنوں کے records بتاتے ہیں کہ اگر متحدہ اپوزیشن کا vote اکٹھا کریں تو وہ vote پاکستان مسلم لیگ اور [***] کے votes سے کہیں زیادہ ہے۔

Mr. Chairman: That remark will be expunged.

+ [xxxx words expunged by the orders of Mr Chairman]

سینیٹر میاں رضا ربانی: تو اس تناسب سے ' votes کے تناسب سے بھی اکثریت نے اس Bill کو reject کیا ہے۔چونکہ ایک ایسی صورت حال ایک rigged election کی وجہ سے پیدا کی گئی کہ جس میں جن جماعتوں کو vote کی اکثریت حاصل تھی، انہیں سیٹیں نہیں ملیں اور پھر بعد میں لالچ، ڈراؤ، دھمکاؤ اور NAB کی دھمکی کے تحت وفاداریاں خریدیں اور تبدیل کی گئیں اور ایک artificial majority کو create کیا گیا، لہذا یہ بات اور زیادہ ضروری ہے کہ براہ راست عوام سے رابطہ کیا جائے۔ یہ اس سینیٹ کی ذمہ داری ہے کیونکہ سینیٹ وفاق کا نگہبان ہے اور سینیٹ اپنے فرائض میں کوتاہی کرے گا اگر وہ اس motion کو reject کرتا ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! اس پر لمبی تقریر نہیں ہوتی ہے

This is a motion moved by the honourable Senator for circulating ...

جناب چیئرمین: نہیں جی! اس پر کافی بات ہو چکی ہے۔ I think we move on now.

Senator Wasim Sajjad: So, the honourable Senator has moved that the Bill be circulated for the eliciting public opinion. We, on this side of the House, feel sir, that this Bill has already been in the press, people are aware of it and various view points have emerged and the public have expressed its opinion in a variety of already been in the press, people are aware of it and various view points have emerged and the public have expressed its opinion in a variety of way through newspapers, articles, through interviews on the Television, the honourable Senator Mr. Raza Rabbani has also appeared on Television interviews, so, it has come. We also feel sir, that the Bill has already been debated in the National Assembly and during the course of that debate also, the matter was reported in the press and people have expressed their points of view. So,

we feel that further getting public opinion in this matter would serve no useful purpose. I would, therefore, request sir, that the matter may be put to the vote of the House.

Mr. Chairman: I think, I put it to the vote of the House. It is moved that the President To Hold Another Office Bill, 2004, be circulated to elicit public opinion by the 30th of December, 2004.

*(The motion was rejected)*

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب والا! "ہاں" کے حق میں زیادہ اراکین ہیں۔

Mr. Chairman: You want physical count? I think

دوسرا Bill بھی move کرلیں۔ پھر ایک دفعہ ہی counting کر لیتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب والا! Rule 212 کے تحت ہم اسے چیلنج کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Do you want a physical count?

Senator Mian Raza Rabbani: We want a physical count. We want a division.

Mr. Chairman: O.K., those in favour of the motion, may rise in their seats.

Senator Mian Raza Rabbani: No sir, Rule 212, follow the schedule.

Mr. Chairman: What schedule?

Senator Mian Raza Rabbani: Schedule is division. Sir, it is sub-Rule (5) which says that if the opinion so declared is again challenged, he shall direct that the votes be reported by division in the manner set out in the Third Schedule.

Mr. Chairman: Which rule is that?

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is Rule 212, sub-Rule (5): It says that there is a division.

Senator Wasim Sajjad: Yet, it says, " Provided that if in the opinion of the Chairman, the division is unnecessarily claimed he may ask the members who are for 'Aye' and those for 'No', respectively, to rise in their places.

*(Interruption)*

Senator Mian Raza Rabbani: Then the point is that, are you going to bulldoze this Bill? You have already used your discretion.

جناب چیئرمین : میں عرض کروں 'میاں صاحب ' bulldoze کی بات نہیں ہے۔ precedent یہ رہا ہے۔ آپ بات کریں I think آپ rise کر کے دیکھ لیں۔ physical division, physical count کر لیں۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, why are you calling for a division?

Mr. Chairman: Please tell me, what is the need for it, if it is not required.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, that is a proviso. That is for you.

Mr. Chairman: I think

ابھی count ہوا ہے۔ Then there is no need for a division.

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، Division ہوتی ہے لیکن otherwise کھڑے ہو کر دیکھ لیں۔

Mr.Chairman: I think, there is no need for the division.

اس میں اپنی seats پر rise کرلیں۔

Those in favour, please rise in their seats, we will count and we will count "Nos" and "Ayes".

Those who are in favour may please rise in their seats. May we have the count, please.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: No personal remarks, no such remarks. They may be expunged.

سینیٹر میاں رضا ربانی، (+++++)

*(Interruption)*

Mr. Chairman: No such remarks. They should please be

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Those who are against and the Nos they please rise in their seats also. Please, please!

The count is : Those in favour 31. Those against 46. The motion is rejected.

*(The motion was rejected)*

*(Thumping of desks)*

ایک معزز رکن، ایک کھڑا ہی نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین، چلیں ایک کا margine اتنا ہے کہ پھر بھی اس سے فرق نہیں پڑے گا۔ I think, you want to move the next motion. It is moved...

[++++ words expunged by the order of Mr. Chairman]

*(Interruption)*

جناب چیئرمین ، نہیں شروع لیٹ ہوا تھا۔ I think we are running one hour and a half. تو اس کے لئے-----

(مداخلت)

**Mr. Chairman:** I have no objection.

آپ لوگ تو کہتے ہیں۔ I have no problem. ڈیڑھ گھنٹہ لیٹ شروع ہوا تھا اس حساب سے میں چل رہا ہوں۔

**Senator Wasim Sajjad:** Unless we finish this business about motion. Please move the motion.

سینیٹر اسفند یار ولی ، آپ نے کیا۔

**Senator Wasim Sajjad:** No, sir. We oppose it.

جناب چیئرمین، Motion جو ہے اس پر vote کر لیں۔

سینیٹر اسفند یار ولی ، آپ نے خود ہی کیا تھا۔

جناب چیئرمین، نہیں۔ آپ ہی نے کیا تھا لیکن دس بجے کی بجائے گیارہ پینتیس پہ سلسلہ شروع ہوا۔ اس لئے میں اسی حساب سے چل رہا ہوں۔

سینیٹر اسفند یار ولی ، یہی اس وقت ہم کہہ رہے تھے کہ یہاں فیصلے اور ہوتے ہیں پھر---

جناب چیئرمین، اسفند یار صاحب، وہی فیصلہ چلا رہے ہیں۔ دس بجے ہی تو شروع ہونا تھا۔ دس سے تین۔ لیکن آج آپ کا ہاؤس شروع ہی گیارہ پینتیس پر ہوا ہے۔ آپ لوگ فیصلہ کر لیں مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ آپ لوگوں نے مل کر کیا تھا۔

سینیٹر اسفند یار ولی ، ہم تو یہی کہتے ہیں کیونکہ فیصلہ آپ نے تین بجے کا کیا تھا۔

جناب چیئرمین، نہیں، آپ نے کیا۔ تین بجے کا نہیں۔ ہم نے کہا تھا کہ اتنے گھنٹے

پہلے، پھر بریک، اور پھر اتنے گھنٹے بعد۔ آج ساڑھے گیارہ بجے شروع ہوا ہے۔

سینیٹر اسفند یار ولی ، نہیں، نہیں۔ Not you, please.

جناب چیئرمین ، چلیں مجھے بتائیے What do you want. جو اور لوگ بھی موجود تھے بتا دیں۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد حزب ایوان)، جناب یہ motion move کریں۔

جناب چیئرمین ، I think motion move کرلیں، اس کو decide کرلیں۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد حزب ایوان)، یا اگر move نہیں کرتے تو یہ lapse ہو جائے گا۔ آپ call کریں۔

جناب چیئرمین ، I think یہ Motion کرلیں، وہ کل کرلیں because there is a clear cut indication on the matter.

سینیٹر اسفند یار ولی ، دیکھیں چیئرمین صاحب you yourself will be deciding it.

Senator Wasim Sajjad: Nobody is trying to bulldoze.

Mr. Chairman: Let us move the motion.

Senator Asfandyar Wali : You have already given me the floor.

جناب چیئرمین ، اسفند یار ولی کے پاس floor ہے۔ You want to move the motion

سینیٹر اسفند یار ولی، اگر آپ اسے بٹھائیں تو میں کچھ کہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، اسفند یار ولی۔

سینیٹر اسفند یار ولی، اس وقت بھی ہم نے آپ کے ساتھ میٹنگ میں یہی کہا not

Raza Rabbani پروفیسر صاحب نے آپ سب سے یہی کہا تھا کہ جناب یہاں پر ہمارے ساتھ فیصلے ہوتے ہیں پھر Floor of the Houseان فیصلوں سے یہ مکر جاتے ہیں۔

and infront of you. It was categorical conveyed to us that no, whatever decision have been taken and we will abide and we will be stuck of those decisions. That were not.

اب یہ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ violation اس سارے agreement کی آپ کر رہے ہو، یہ نہیں چلے گا کہ اس agreement کا یہ یہ ہم نے ماننا ہے باقی کو ہم نے نہیں ماننا۔ پھر یہ نہیں ہوگا۔ یہ جو agreement وہاں پر ہوا ہے تو in toto یہ بھی مانیں، in toto ہم بھی مانیں گے۔ اگر اس کی choiceکے حصے ان لوگوں نے ماننے ہیں پھر ہم نے in toto اس سے انکار کرنا ہے۔ that we can do whatever they want. They have the majority they can buldoze it. ابھی کیا ان کو کہیں سے کوئی dead line ملی ہے۔ کہ اس وقت تک اس بل کو آپ نے ضرور پاس کرنا ہے۔ ہمیں پتہ ہے، ہمارے پاس تو majority نہیں ہے۔ پورا شیڈول آپ سے صبح discuss ہوا ہے اور پورا شیڈول یہی تھا۔

سینیٹر وسیم سجاد، یہ فیصلہ ہوگیا تھا اور اگر اس فیصلے کے تحت آج بحث شروع نہیں ہوتی تو ان کے لئے وقت کم ہو جائے گا۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جب وسیم صاحب اٹھ کر یہ کہتے ہیں تو بڑا دکھ ہوتا ہے۔

Senator Wasim Sajjad: My request would be let us keep to the agreement, we will follow the agreement, but this motion should be voted to because it is their motion, if they do not want to press it, fine. My request is

کہ اس کو آنے دیں باقی جو بھی آپ نے فیصلہ کیا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر وسیم سجاد، نہیں فیصلہ یہ تھا کہ آج بحث شروع ہونی ہے۔

سینیٹر اسفند یار ولی، نہیں یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ بحث آج شروع ہوگی۔ let Kamil Ali Agha say that کہ ہاں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ آج بحث شروع ہوگی۔ کوئی نہیں یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ یہ فیصلہ کہیں نہیں ہوا کہ آج بحث شروع ہو گی۔

جناب چیئرمین، جی صفدر عباسی۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب عرض یہ ہے کہ میں بڑی معذرت کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ وسیم صاحب کا مجھے پتہ ہے میں نے آپ کو اس وقت بھی کہا تھا کہ ان کے passion کو tolerate ہم کریں گے۔ ہم ان کے passion کو دیکھیں گے۔ میں نے اس وقت بھی آپ کو کہا تھا کہ ان کا thrash out level بہت کم ہے۔ آپ دیکھیں گے کل کے بعد آپ کیا کریں گے مجھے وہ بھی پتہ ہے۔ اس لئے کہ ان کا thrash out level بہت کم ہے ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ جب ان پر ڈنڈا پڑتا ہے تو پھر یہ سب آئیں بائیں شائیں کرتے ہیں۔ لیکن میں وسیم صاحب سے معذرت کے ساتھ کہوں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، جی کامل علی آغا کو سن لیں۔ جی کامل علی آغا۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ویسے ابھی جتنا time اس بحث میں خرچ ہوگیا ہے، ہم بہت سارا کام کر سکتے تھے۔ گزارش یہ ہے کہ یہ decide ہوا تھا، اسفند یار ولی صاحب بالکل درست فرما رہے ہیں کہ دس سے تین بجے تک ہم House کو چلائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی فیصلہ ہوا تھا کہ آج Bill پر بحث شروع کی جائے گی، یہ بھی اس کے ساتھ طے ہوا تھا لیکن ایسا تھا کہ دس سے تین بجے تک ہم یہ کام اتنا بھی لے جائیں گے کہ بحث بھی شروع ہو لیکن House بھی late شروع ہوا پھر وقفے کے بعد 1.55 پر شروع ہونا تھا، وہ بھی delay ہو گیا۔ اس کی وجہ سے delay ہوئی ہے۔ عباسی صاحب نے ہمارے قائد ایوان کے لئے جو الفاظ استعمال کئے ہیں---، ہمارے قائد ایوان ہمیشہ بڑے خلوص اور اخلاق سے گفتگو کرتے ہیں۔ عباسی صاحب کو ایسے الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہییں اور میرے نزدیک ان کو

اس پر regret کرنا چاہیے۔ رہی بات good gesture کی تو جناب! میری درخواست یہ ہو گی کہ آج جیسے یہ House کو چلانا چاہتے ہیں، قائد ایوان قانونی بات کر رہے ہیں کہ چونکہ ان کی move ہے تو اگر وہ آج resolution move نہیں کریں گے تو وہ lapse ہو جائے گا۔ اس لئے وہ rules کی بات کر رہے ہیں، اگر وہ چاہتے ہیں کہ یہ lapse ہو جائے تو میرے خیال میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ کل دس بجے اجلاس شروع کرلیں اور اگر دوسری صورت میں یہ special request بھی کرتے ہیں کہ وہ کل صبح اس کو دوبارہ table کریں تو ہم اس کو بھی مانتے ہیں، ہم اچھے طریقہ کار کو آگے چلانا چاہتے ہیں۔ ہم کوئی ایسا تاثر نہیں دینا چاہتے کہ ہم Bill کو bulldoze کریں گے، ہم نے صبح بھی ان سے گزارش کی تھی کہ آپ جتنے دن ان پر بحث کرنا چاہتے ہیں کریں، جو ہم نے decide کیا، اسی کے مطابق سارا معاملہ آگے چل رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسی طریقے سے اس معاملے کو آگے بڑھایا جائے اور یہی اچھا طریقہ ہے اور سینیٹ کی جو لوگ بار بار بات کرتے ہیں تو سینیٹ کے رویہ کا فرق جو ہمیشہ سے چلا آرہا ہے، اس کو بھی record پر موجود رہنا چاہیے۔ شکریہ۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، ہم کامل علی آغا صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو offer انہوں نے کی ہے، ہم اس پر بکرا عید تک اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں تو ذرا kindly اس کو کر دیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب! میں کامل علیآغا صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یہ بات اس floor پر کہی اور جو بات انہوں نے کہی، اس کا میں خیرمقدم بھی کرتا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ مناسب یہ ہو گا کہ یہ lapse motion under the rule نہیں کرتا۔ جب صبح یہ House convene ہو، اس وقت پہلے دس یا پندرہ منٹ میں یہ motion take up ہو جائے گا اور اس کے بعد بحث کاآغاز ہو سکتا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں سمجھتا ہوں کہ اگر آغا صاحب نے میری بات کا برا منایا ہے، اگر وسیم صاحب کے بارے میں میرے منہ سے کوئی inadvertantly بات نکل گئی ہو، I have always respect for him, I withdraw my words.

Mr. Chairman: That is the good gesture

وسیم صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد، I think, انہوں نے جو کہنا ہے، کہہ دیا۔

Mr. Chairman: Now, you want to get the even for the Bill also or it will be lodged tomorrow.

یا Bill کا ابھی کر دیں۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، Sir, Bill پر مناسب تو یہ ہو گا کہ یہ کم از کم procedural چیز ہے اس کو ختم دیں اور کل بحث شروع کریں because ان کی خواہش یہ تھی کہ ہمیں وقت چاہیے، ہم نے کہا کہ آپ وقت لیں we settle the timetable تو اگر procedural چیز میں پھنسے رہیں گے تو میرے خیال میں اس پر وقت کم ہو جائے گا۔ میری درخواست یہ ہو گی،

I honestly request, let us go through with the procedure of formalities today and let us start the discussion on the Bill tomorrow.

سینیٹر میاں رضا ربانی، میرا خیال ہے کہ it is not a question of prestige on either side کامل علی آغا صاحب نے ایک بڑا اچھا راستہ بیچ میں دکھایا ہے۔

and I can assure the Leader of the House that we would not take even more than 10 to 15 minutes and in any case, it's a mutual time for discussion. So, we eat into more of that time, we will be reducing our own time for the general debate.

Mr. Chairman: That is the point he raised.

Senator Mian Raza Rabbani: So, therefore, it will be appropriate if we do this motion in the morning.

Mr. Chairman: So you wnat to adjourn now to meet tomorrow.

Senator Mian Raza Rabbani: Yes Sir.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب چیئرمین! میری تجویز یہ ہے کہ motion
move کرلیں تاکہ motion pending ہو جائے گی اگلے روز کے لئے ۔صرف motion
move کرلیں اس کے بعد adjourn کرالیں ۔

جناب چیئرمین، جی move کرلیں ۔

Senator Dr. Safdar Ali Abbassi: Sir, I on behalf of all my senator colleagues .

Mr. Chairman: All the signatories.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، نام کافی ہیں جناب signatories کے میاں رضا
ربانی، عبداللطیف انصاری۔

جناب چیئرمین، بس ٹھیک ہے ۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، بہت سے نام ہیں

I, on behalf of all my colleagues under Rule 111 of the Rules of Conduct of Business in the Senate 1988 move that the President To Hold Another Office Bill 2004 be referred to the concerned Standing Committee of Senate.

Mr. Chairman: It's opposed. Now we will handle this tomorrow along with the rest of the business. So, we adjourn the House now to meet again on Thursday, the 28th October,2004 at 10.00 a.m sharp.

سبحان ربک رب العزت عما یصفون وسلام علیٰ المرسلین والحمد لله رب العالمین۔

---------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday the 28th October 2004 at 10.00 a.m]*